بسم اللہ الرحمن الرحیم

شرح چندہ
سالانہ عمدہ کاغذ عہ ۱۲ر
ششماہی عہ
سالانہ معمولی کاغذ عہ
ششماہی ۱۲ر

ممالک غیر سے
سالانہ
عمدہ کاغذ
چار (۴) شلنگ
معمولی کاغذ ۳ شلنگ

ماہنامہ قائد مرادآباد

ترسیل زر کا پتہ
مولانا حکیم انظار احمد صاحب مدیر انتظامی محلہ قلیچان مرادآباد

نمبر ۶	بابت ماہ رجب المرجب ۱۳۵۷ھ	جلد ۱

فہرست مضامین قائد نمبر ۶ جلد ۱ بابت رجب المرجب ۱۳۵۷ھ

اعتذار۔ معراج شریف کے وقتی مضمون کے باعث اس مرتبہ "یتیم بچہ" اور "مسلم اقتصادیات" کا سلسلہ نہیں لایا جاسکا۔ اور ترجمہ تفسیر ابن کثیر کو بھی صرف ایک ہی ورق مل سکا۔ نیز کاتب صاحب کی علالت کے باعث کتابت میں تاخیر ہوئی۔ مگر آئندہ کتابت کے متعلق قابل اطمینان اور بہتر انتظام کر لیا گیا ہے۔ یہ شکایتیں انشاء اللہ آئندہ پیش نہ آئیں گی۔ (محمد میاں)

مبارک ارادے

آپ معراج شریف کے متعلق ایک لطیف اور دلچسپ مضمون آج ملاحظہ فرمائیں گے۔ (بنام خدا ادارہ قائد نے طے کیا ہے کہ آئندہ بھی مہینوں کی مناسبت سے اسی معیار کے مضامین انشاء اللہ شائع کئے جایا کریں گے چنانچہ آئندہ ماہ شب برأت کے متعلق ایک عجیب و غریب مضمون آپ مطالعہ فرمائیں گے جسمیں شب برأت کی حقیقت، اسکا فلسفہ اور اسکے فضائل وغیرہ نہایت لطیف پیرایہ میں فلسفی اور عقلی دلائل کے ساتھ پیش کئے جائیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

آئندہ رسالہ میں

(۱) مذکورہ بالا مضمون کے علاوہ (۲) تفسیر ابن کثیر کے ترجمہ میں سورہ فاتحہ کی تفسیر کا بھی آغاز ہو جائیگا۔ (انشاء اللہ)

(۳) نیز زوال دولت مغلیہ کے اسباب پر ایک محققانہ تاریخی مضمون ہدیۂ ناظرین ہوگا۔ (انشاء اللہ)

(۴) افریقہ وغیرہ ممالک غیر کے خریدار صاحبان نے کچھ سوالات بھیجے ہیں اُن کے جوابات بھی انشاء اللہ پیش کئے جائیں گے۔

سب سے بڑی چیز یہ کہ

(۵) مسلمانوں کی مالی اور تجارتی نیز سیاسی ترقی کیلئے ایک عجیب و غریب تجویز بنایا حضرت سیدنا مولانا حسین احمد صاحب قبلہ پیش کی جائیگی جس پر اگر عمل ہوا تو یقیناً مسلمانان ہند کی حالت میں انقلاب پیدا کر دیگی۔ اور وہ تجویز اور پھر اس پر عمل کرنا بھی رسالۂ قائد کا اہم ترین مقصد ہے۔

مگر کیا آپ کو گوارا نہ ہوگا کہ

صرف ایک روپیہ منی آرڈر ارسال فرما کر آپ رسالہ قائد کے مستقل خریدار بنجائیں۔ اور آپ بھی بہبودی اُمت کی اسکیم میں حصہ لیں۔

صرف تین پیسے اور تھوڑا سا وقت

کے عنوان سے پہلے رسالہ میں ایک درخواست پیش کیگئی تھی کہ ہر ایک خریدار صاحب کم از کم دس احباب کے پتے ارسال فرمادیں تاکہ انکی خدمت میں رسالہ بطور نمونہ ارسال کیا جاسکے۔

شکریہ:۔ الحمد للہ کہ اس درخواست پر بہت سے حضرات نے توجہ فرمائی اور فرمائی جارہی ہے چنانچہ خطوط آرہے ہیں

رسالہ "قائد" کے متعلق

حضرت علامہ سید سلیمان صاحب ندوی کی رائے عالی

قدرِ گوہر شاہ بداند یا بداند جوہری

(ادارہ)

علامہ موصوف فرماتے ہیں۔

"یہ مفید رسالہ چند مہینوں سے مراد آباد سے نکل رہا ہے۔ اسکا مقصد سیر طیبہ اور سیر صحابہ کی روشنی میں مسلمانوں کی مذہبی سیاسی اور اقتصادی اصلاح، قدیم وجدید قوموں کے عروج و زوال کی تاریخ سے مسلمانوں کے جذباتِ ترقی کو بیدار کرنا، عربی خواں طلبہ میں عربی کا ذوق پیدا کرنا اور ہندوستان اور حجاز کے درمیان صحافتی رابطہ کا قیام ہے۔ اگرچہ یہ مقاصد نہایت اہم ہیں لیکن خوش قسمتی سے رسالۂ قائد کو صاحب علم و نظر اور حالاتِ زمانہ سے واقف علماء کی سرپرستی اور اُنکی قلمی امداد حاصل ہے اسلئے ان مقاصد میں کامیابی کی توقع کی جاسکتی ہے۔ اس رسالہ میں مسلمانوں کی دینی ضروریات اور دنیوی مصالح کو نہایت اہم آہنگی کے ساتھ سمویا گیا ہے، مفید مذہبی اور تاریخی مضامین کے ساتھ سیاسی حالات، خصوصاً مسلمانوں کی سیاست پر سنجیدہ تبصرہ اور لائق غور مشورے ہوتے ہیں سیرت نبوی، سیر صحابہ، ترجمہ ابن کثیر، فقہی مسائل اور بہت سے مذہبی موضوعوں میں مفید اور مسلسل مضامین نکل رہے ہیں، اسلام اور آئین حکومت، اقتصادیاتِ مسلم، اور فلسفۂ ارکان کا سلسلہ زیادہ مفید ہے۔ رنات العرب کے عنوان کے تحت مولانا عبدالحق صاحب مدنی کا عربی مضمون السیاسۃ فی الاسلام مسلسل نکل رہا ہے یہ سب کے سب مضامین مفید اور اچھے ہیں"

(منقول از معارف)

(مولانا) حسین احمد صاحب (مدنی)

از جناب محمد سلیمان صاحب آسی القاسمی مظفرپوری متعلم دار العلوم دیوبند

مدارِ انقلابِ دہر ہے میرا حسین احمد
جوابِ جور و ظلم و قہر ہے میرا حسین احمد

جلالت اُسکے رُخ سے شیرِ نر کی آشکارا ہے
سہم جاتا ہے دل گویا یہ بجلی ہے شرارا ہے

حوادث کی کسی ضربت سے سر جھکتا نہیں اُسکا
فلک نامہرباں بھی ہو لیکن قدم رُکتا نہیں اُسکا

نہ رُکتا روکنے سے ہے نہ دبتا ہے دبانے سے
بڑھایا اس نے جسکو بڑھ گیا سارے زمانے سے

فضائے ظلم تھرّاتی ہے اُسکے نام کو سنکر
لرز جاتا ہے باطل اسکے ہر پیغام کو سنکر

وقارِ صاحبِ جبروت کو اُس نے مٹا ڈالا
ستم کی ظلم کی امواج کو اُس نے دبا ڈالا

فلک کی گردشیں گھبرا گئیں اُسکے عزائم سے
زمیں نے پاک سینہ کر لیا اپنا جرائم سے

نکلتا ہے کبھی جب یہ برہنہ سیف کو لیکر
نکل آتا ہے صدرِ تیغ سے دم تیغ کا باہر

تمنا صرف اتنی ہے یہی میری دعائیں ہیں
بوقتِ نیم شب صبح و مسا دل کی صدائیں ہیں

خدا توفیق دے آسی کو اتنا کام کر جائے
فدا ہو کر حسین احمد پہ اپنا نام کر جائے

آنے والے انقلاب کی تصویر

ملاحظہ فرمائیے صفحہ ۶۰

عرش معلّٰی کی سیر

فلسفۂ معراج اور حدیثِ معراج

اسوقت کا ذکر ہے جب کچھ نہ تھا، صرف ایک ازلی اور ابدی تھا، اسکی صفات تھیں اور کچھ نہ تھا۔

کان اللّٰہ ولم یکن معہ شئی — ایک اللہ تھا اور اسکے ساتھ کچھ نہ تھا۔

ایک نہایت عجیب بات تھی کہ خالق ہو، مخلوق نہ ہو، قادر ہو، مقدور نہ ہو، عالم ہو، معلوم نہ ہو، یعنی ازلی و ابدی صفات ہوں مظہر نہ ہو۔ - آخر کب تک، یکایک صفاتِ حق میں جنبش پیدا ہوئی وہ جنبش جو اسکی شان بیچون چرا کے مناسب ہو

کُنتُ کنزاً مخفیاً۔ فاحببتُ ان اُعرف — میں ایک مخفی خزانہ تھا میں نے چاہا کہ پہچانا جاؤں۔

قدرت کا سب سے پہلا کرشمہ خداوندِ عالم بے چون وچرا، غیر محدود، لاانتہا، ہر ایک عیب سے پاک سراسر کمال بلکہ خالق کمال ہے۔ ایسی ہی اُسکی ازلی و ابدی صفات بھی۔ - اُسکی تمام ہی صفات نے بیک وقت التفات فرمایا، کمال رحم، کمال حلم، کمال علم، کمال حسن، غرض جو جو صفت کسی مخلوق سے متعلق ہو سکتی تھی اُسکے التفات نے ایک نور پیدا کر دیا۔ وہ کمال قدرت کا ایک مکمل معجزہ اور سراسر معجزہ تھا کمال حلم، کمال رحم، کمال لطف و کرم کا ایک متمم نمونہ تھا، کمال خلق کا ایک بے نظیر کرشمہ تھا۔

اوّل ما خلق اللّٰہ نوری — سب سے پہلی چیز جسکو اللہ نے پیدا کیا وہ میرا نور ہے۔

نور محمدؐ کی حقیقت یہ تو کسی مجال، اس سراسر کمال کی حقیقت بیان کرنے کی جرأت کر سکے، ذرہ کی کیا حقیقت کہ نور آفتاب کی چکونگی پر روشنی ڈالے صرف اتنا معلوم ہے کہ اللہ نے فرمایا۔

اللّٰہ نور السمٰوٰت والارض — اللہ آسمانوں اور زمینوں کا نور ہے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

اوّل ما خلق اللّٰہ نوری — سب سے پہلی چیز جو اللہ نے پیدا کی وہ میرا نور ہے

نور کا نام سنکر فوراً تمہارے ذہن میں آفتاب کا نور، چاند کا نور، تاروں کا نور آگیا ہوگا۔ مگر خبردار خبردار

اللہ نور السمٰوات یا اوّل ماخلق اللہ نوری والے نور کو بھی ایسا ہی مت سمجھ لینا -

بیچون وچرا کو، چگونگی کون بیان کر سکے کیا ہے؟ کا جواب کون دیسکے؟ ہاں اتنا ضرور معلوم ہے کہ ہماری تو کیا حقیقت سیدنا حضرت موسیٰ علیہ السلام کی وہ تیز نگاہ جسکو نبوت اور رسالت کا شرف عطا کیا گیا تھا جب اُسکے سامنے اسکا ایک خفیف سا شمہ جلوہ فرما ہوا تو پہاڑ چور چور ہو گیا - اور حضرت موسیٰ بیہوش ہو کر گر پڑے، مگر ہاں تم یہ سمجھ لینا کہ جب نور - نور، اللہ اور رسول دونوں کیلئے آیا تو ایکدوسرے کے مشابہ یا ایکدوسرے کا حصہ ہوگا - معاذ اللہ - خالق اور مخلوق کو کیا نسبت وہ قدیم یہ حادث، وہ اصل یہ پرتو ہمیں تو یہ بتانا ہے کہ حقیقت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نور ہے اور ہاں یہ نور سراسر حمد ہے - یہ محمدؐ ہے احمد ہے، حامد ہے، محمود ہے، اسی کے ہاتھ میں لوار حمد ہوگا - وہ سراسر حمد ہی حمد ہے -

حمد کیا ہے ثنا خوانی کا نام حمد ہے، عجز و نیاز شکر و امتنان خشوع خضوع، سجدہ ریزی اور جبہ سائی کا نام حمد ہے - محمدؐ اپنے خالق کیلئے سراسر حمد تھا - فداہ روحی -

نتیجہ حمد اللہ میاں نے اپنی عادت بتادی ہے لئن شکرتم لازیدنکم - اگر تم نے شکر کیا تو میں یقیناً زیادتی کردوں گا - العظمۃ للہ، یہ نور کسقدر شاکر تھا، بیان نہیں ہوسکتا یہی ایک بات کہی جاسکتی ہے کہ وہ سراسر حمد تھا -

جبکہ وہ سراسر حمد تھا تو لامحالہ اسکو بڑھنا تھا، اسکو پھیلنا تھا لہٰذا وہ بڑھا، پھیلا، پھلا، پھولا اسی حمد و شکر کا تو ثمرہ تھا کہ لوح و قلم عرش و کرسی آسمان و زمین غرض یہ سارا سلسلۂ کائنات پیدا ہوا -

لولاک لما خلقت الافلاک اگر آپ نہوتے تو میں آسمانوں کو پیدا ہی نہ کرتا

اللہ اکبر! یہ نور کسقدر کامل ہوگا جبکہ وہ حضرت حق جل مجدہ کی تمام کمالی اور جمالی صفات کا پہلا کرشمہ تھا پھر کسقدر عجیب و غریب بات ہے کہ اسکو حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد ہو کر شرف آدمیت کو چار چاند لگا دیئے تھے - نہیں بلکہ انسانیت کو مشرف کرنا تھا، انسان کو اشرف المخلوقات بنانا تھا -

یہی تو سبب تھا کہ تمام فرشتوں کو حکم صادر ہوا کہ سیدنا آدم علیہ السلام کے سامنے سر نیاز خم کریں -

فرشتے سراسر مقدس سہی مگر یہ دلکشی، یہ عجیب و غریب کرشمۂ قدرت انکو کہاں نصیب -

لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم ہم نے انسان کو بہت ہی بہتر استعداد پر پیدا کیا

بہرحال حضرت آدم آئے اُن کے اولاد ہوئی، اسکو انبیاء علیہم السلام سے نوازا گیا، اولیا عطا کیے گئے، مگر یہ

سارا سلسلہ برگ و بار تھا اُسی نور کا، جسکا نام حضرت آدم علیہ السلام نے عرشِ معلیٰ پر کندہ دیکھا تھا۔ اور جس نے ہمیں بتایا کہ کنت نبیا و آدم بین الماء والطین ۔ (یعنی) ابھی آدم علیہ السلام سرشت کے مراتب ہی طے کر رہے تھے کہ میں نبی بن چکا تھا"

سلسلۂ کائنات کا سارا درخت تیار ہو گیا برگ و بار پھول و کلی سب ہی کچھ آ گئی مگر ابھی پھل نہ آیا تھا، کہ وہی تخم جسکا نام نورِ محمدؐ تھا ثمر بنکر بلکہ مغزِ ثمر بنکر آیا، جسکی پیدائش پر سارا ہی عالم نور سے جگمگا اُٹھا، بیتِ آمنہ رضؓ بقعۂ نور بن گیا۔ جسکی روشنی میں شام اور فارس کے محلات کو آسمان اور زمین کے طبقات کو انہوں نے اپنی آنکھ سے دیکھ لیا۔

انکسار پر انکسار خشوع پر خشوع دیکھو کہ اس نورِ کامل نے مبعوث ہوتے ہی پکارنا شروع کر دیا اللھم اجعل فی قلبی نورا الخ یعنی اے اللہ میرے دل میں نور بھر دے، میرے کان اور آنکھ میں نور بھر دے، میرے ہاتھ پاؤں میں نور بھر دے، میرے رگ و پے میں نور بھر دے میرے گوشت و پوست، استخواں اور مغزِ استخواں میں نور بھر دے۔ مجھے سراسر نور کر دے۔

وہاں کیا دیر تھی وہ نور پہلے ہی سے تھا چنانچہ اولادِ آدمؑ کو سنا دیا گیا۔

لقد جاءکم من اللہ نور و کتاب مبین　　تمہارے پاس اللہ کیطرف سے نور آیا اور صاف صاف بیان کرنیوالی کتاب

بیشک حقیقت محمدیہ نور تھی مگر اسکی برکت سے گوشت پوست بھی نور ہی نور ہو گیا۔ پسینہ عطر سے زیادہ لطیف ہو گیا، لعابِ مبارک مشک و عنبر سے زیادہ معطر۔ ایک شب کا تذکرہ ہے کہ وہ اپنی خوابگاہ سے اُٹھا، بُراق پر سوار ہوا، عرشِ معلیٰ کی سیر کر آیا، لوگوں کو تعجب ہوا شک و شبہ ہوا مگر افسوس وہ اس حقیقت کو نہیں جانتے تھے یا بھول گئے تھے کہ حقیقت محمدیہ انکی طرح ملوث اور آلودہ نہیں، وہ نور اور سراسر نور ہے، ابتدا ہی سے نور تھا، نور ہے، خدا نے بتا دیا کہ وہ نور ہے، شک و شبہ کی اب کیا گنجائش۔ ہم اب چاہتے ہیں کہ اس سیر کی مختصر روئداد لکھ دیں ۔

بیان معراج از صاحب معراج (صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم)

رات کا وقت ہے، سارے عالم میں سناٹا چھایا ہوا ہے، آسمان کی نیلی چھت، روشن تاروں سے جگمگا رہی ہے گویا فرشِ مخمل پر سچے موتی بکھرے ہوئے ہیں، خاموش انجم و کواکب کی روشن نگاہیں گھور گھور کر

خاکدانِ ارضی کو تاک رہی ہیں گویا باراتی دولھا کا انتظار کر رہے ہیں یا حاضرینِ دربار اپنے شہنشاہ کے شوقِ دیدار میں چشم براہ ہیں۔

دونوں جہانوں کا سردار سارے نبیوں کا سرتاج اپنے پروردگار اور محبوبِ حقیقی کی یاد کرتے کرتے کمر سیدھی کرنے کیلئے بستر پر لیٹ گیا ہے، بستر اگرچہ ٹاٹ کا یا چمڑے کا ہے جسکے اندر کھجور کی چھال بھری ہوئی ہے مگر خدا کی قسم ایسا مقدس کہ ساری دنیا اسکے ایک ایک تار کے تقدس پر قربان، ایسا خوش قسمت کہ اونچے اونچے آسمان، درخشاں اور تاباں چاند سورج اسکی سعادت پر فدا ہیں، یکایک اللہ کے چند نورانی بندے (فرشتے) حاضر ہوئے سید الکونین مشغول استراحت ہیں، ملائک کچھ دیر خاموش کھڑے رہے، پھر کچھ آپسمیں اشارہ کر کے ایکدوسرے سے "حرم کعبہ میں لے چلیں"۔ وہ نبی جسکی آنکھیں سو جایا کرتی تھیں مگر قلبِ منور ہمیشہ بیدار رہتا تھا، اسی حالت میں حرم کعبہ میں پہنچے جہاں ایک نئے معجزہ کا ظہور ہوا معجزانہ طریقہ سے سینۂ مبارک چاک کر کے قلبِ مبارک نکالا گیا، آبِ زمزم سے دھویا گیا، ایمان و حکمت کے منور طشت لائے گئے اور قلبِ مبارک میں جذب کر دیئے گئے گویا ایک روحانی انجکشن کیا گیا۔ کیونکہ ایسے مقامات کی سیر کرنی تھی ایسے اسرار کا مطالعہ کرنا تھا، ایسے بلند مراتب پر فائز ہونا تھا کہ کسی انسان کی تو کیا حقیقت فرشتوں کی بھی طاقت نہیں کہ اسکے گرد و پیش پر مار سکیں، یا اسکے آس پاس تک پرواز کر سکیں وہ مقدس ترین فرشتہ جو اتنا مقرب کہ بارگاہ الوہیت کی جانب سے سفارت کے خدمات انجام دے، اتنا معتمد کہ دربار ربوبیت سے اسکا خطاب پائے، وہ بھی ان بلند ترین مقامات کی شوکت و حشمت سے اتنا خائف کہ بہت دور سے پکارنے لگے۔

اگر یک سرِ موئے برتر پرم　　فروغِ تجلی بسوزد پرم

شہِ لولاک صلی اللہ علیہ وسلم ظاہری باطنی غسل سے فارغ ہوئے تو آپکی سواری کے لئے جنت کا ایک مرکب پیش کیا گیا جسکا نام براق تھا۔ دیکھنے میں تو وہ خچر سے بھی کچھ چھوٹا تھا مگر خدا کی پناہ غضب کا تیز گام انسان کی نگاہ سے بھی زیادہ تیز، تیز نگاہ ابھی راستہ ہی میں رہے اور اسکا قدم منزل پر پہنچ جائے، سید الکونین سوار ہونے لگے تو یہ مرکب اپنی خوش قسمتی پر جھومنے لگا۔ فرطِ مسرت نے وجد و طرب کی کیفیت پیدا کر دی، یہ وجد و طرب اگرچہ بے اختیار تھا مگر تھا بے محل۔ جبرئیلِ امین علیہ السلام نے تنبیہ فرمائی، اس مرکب کو احساس پیدا ہوا اور اپنی بے اختیار حرکت پر شرم و حیا سے پسینہ پسینہ ہوگیا۔ جبرئیلِ امین نے رکاب سنبھالی، شہِ کونین نے اللہ کا نام لیا اور سواری مسجد اقصیٰ (بیت المقدس) کیطرف روانہ ہوگئی جو آسمانوں پر پہنچنے والے راستوں

کا خلکش ہے۔ سید الکونین صلے اللہ علیہ وسلم وہاں پہنچے۔ تو ساری دنیا کے انبیاء علیہم السلام استقبال کے لئے موجود تھے۔ نوع انسان کے آخری عروج و کمال کا جشن منایا جا رہا تھا۔ سبحان اللہ۔ العظمۃ للہ۔ کس قدر مسرت کا مقام ہے کہ اولاد آدم کا نمائندہ اس مقام اعلیٰ پر فائز کیا جا رہا ہے جسکے اطراف و جوانب بھی اعلیٰ سے اعلیٰ ملائک کی پرواز سے بالا اور بہت بالا۔ برتر اور بہت برتر۔

اگر یک سر موئے برتر پرم
فروغ تجلی بسوزد پرم

آج وہ دن ہے کہ فرشتوں کی غلطی طشت از بام ہو۔ آدم علیہ السلام کے مسجود ملائک ہونیکا فلسفہ ظاہر ہو اور انی اعلم ما لا تعلمون کا راز آشکارا ہو۔ انبیاء علیہم السلام جمع ہوئے ہیں کہ خداوند عالم عز وجل کی اس نعمت عظمیٰ اور اس احسان عظیم کا شکریہ ادا کریں۔

یکے بعد دیگرے تمام ہی انبیاء علیہم السلام نے خطبہ حمد پیش کیا۔ خداوند عالم کے اس عام احسان کا شکریہ ادا کیا۔ ابناء آدم کی جانب سے اس کے فضل عظیم کا اعتراف کیا۔ حمد و ثنا کی اور پھر ان انعامات کا ذکر کیا جو رب ذوالجلال نے مخصوص طور پر اس کو عطا فرمائے۔ آخر میں اس کا نمبر آیا۔ جس کو اولین اور آخرین کا علم و فضل عطا کر دیا گیا تھا جو سب سے پہلے پیدا ہوا تھا۔ سب سے پہلا حامد تھا جسکے اعلیٰ و اولیٰ حمد و ثنا کے تخم سے اس تمام عالم کا شجرہ طوبیٰ پیدا ہوا۔ بڑھا۔ پھلا اور پھولا تھا۔

تاجدار لولاک۔ حامل لواء حمد (صلے اللہ علیہ وسلم) نے کچھ ایسے انداز سے کچھ ایسی معنی خیز حمد اپنے مالک اور معبود حقیقی کی ادا کی کہ تمام انبیاء دم بخود رہ گئے۔ اور جیسے کہ خداوند عالم کی نعمتیں اس سرتاج انبیاء کے لئے سب سے بالا اور برتر تھیں۔ اسی طرح اُس کی حمد و ثنا بھی سب سے اعلیٰ و بالا رہی۔ یہ خطبات حمد۔ درجات فضل کے لئے معیار ثابت ہوئے۔ لامحالہ اسی کے فضل و عظمت کے سامنے گردنیں جھک گئیں جس کی حمد سب سے افضل و برتر تھی۔

خطبات کے بعد وقت آیا کہ سب ملکر دوگانہ شکر ادا کریں۔ — لیکن امام کون ہو — ؟

کچھ دیر پہلے ممکن ہے اس کی خواہش دوسرے انبیاء علیہم السلام کو بھی ہو مگر خطبات حمد نے یہ شرف سید الانبیاء علیہم السلام کے لئے مدلل طور پر ثابت کر دیا — آپ نے امامت فرمائی۔ اور آج سے امام الانبیاء کا عظیم الشان خطاب حاصل ہو گیا۔

جبرئیل امین علیہ السلام نے ایک دودھ کا پیالہ اور ایک پیالہ شراب طہور کا خدمت قدس میں پیش کیا۔ رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے دودھ کا پیالہ منتخب فرمایا۔ جبرئیل امین نے بشارت دی "آپ کی امت کو خیر و رہی کی توفیق بخشی گئی۔" آپ اگر شراب کا پیالہ منتخب فرماتے تو آپکی امت کی فطرت تباہ ہو جاتی اور گمراہی عام ہو جاتی۔

مسجد اقصےٰ سے آسمانوں کی طرف

کو کبہ ہمایوں (براق) اُس کڑے میں باندھ دیا گیا تھا جس میں

انبیاء علیہم السلام اپنی سواریوں کو باندھ دیا کرتے تھے۔

اس جشن مبارک سے فراغت کے بعد آسمانوں کا رُخ کیا۔ انبیاء علیہم السلام مسجد اقصٰی کے جشن سے فارغ ہوکر فوراً ہی اپنے اپنے مقامات پر پہنچ گئے۔ کیونکہ اس موقعہ پر جس طرح نوع انسان کے متعلق انعامات الٰہیہ کے شکریہ کے لئے ایک جشن منایا گیا تھا۔ اب انبیاء علیہم السلام کو اپنے اپنے مرکز پر پہنچکر امام الانبیاء اور سید المرسلین کا استقبال کرنا تھا۔ اور ان تدبیری امور کا معائنہ کرانا تھا جو منصبی حیثیت سے ان کے متعلق ہیں۔ چنانچہ کوکبہ ہمایوں نے آسمانوں کا رُخ کیا۔ جبرئیل امین رکاب تھامے ہوئے تھے۔ آسمان اول پر پہنچے جبرئیل امین نے دروازہ کھولنے کی فرمائش کی۔ آسمان اول کے فرشتے جو دربانی کے فرائض انجام دے رہے تھے۔ انہوں نے دریافت کیا۔ کون

جبرئیل امیں۔ جبرئیل اور سید الکونین محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔

دربان فرشتے۔ کیا اُن کو بلانے کے لئے بھیجا گیا تھا۔

جبرئیل۔ جی ہاں۔

دروازہ کھل گیا۔ کوکبہ ہمایوں داخل ہوا۔ وہاں سیدنا آدم علیہ السلام تشریف فرما تھے۔ ابو البشر نے خیر البشر کا استقبال کیا۔ مرحبا مرحبا۔ بہت کچھ دعائیں دیں۔

غرض اسی طرح تمام آسمانوں کے دروازے کھلواتے ہوئے جبرئیل امیں کوکبہ ہمایوں کو ساتویں آسمان سے اوپر لے گئے۔ اور سیدنا حضرت عیسٰی بن مریم۔ حضرت یحیٰی بن زکریا۔ حضرت یوسف۔ حضرت ادریس۔ حضرت ہارون۔ حضرت موسٰی۔ حضرت ابراہیم علیہم صلوات اللہ وسلامہ سے راستہ میں یکے بعد دیگرے ایک ایک آسمان پر ملاقات ہوتی رہی۔ جہاں ان حضرات نے استقبال کے آداب ادا فرمائے۔

ساتویں آسمان پر سیدنا حضرت ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا۔ آپ بیت معمور سے کمر لگائے ہوئے تشریف فرما تھے بیت معمور ملائک کا کعبہ ہے۔ جہاں ہر روز ستر ہزار فرشتے طواف ادا کرتے ہیں۔ دیکھو کسقدر عجیب لطیفہ ہے کہ بانی کعبہ مکرمہ کو بیت معمور کی تولیت مرحمت ہوئی (مدیر)

سدرۃ المنتہٰی ساتوں آسمانوں سے گزر کر کوکبہ ہمایوں سدرۃ المنتہٰی پر پہنچا۔ یہ ایک بیری کا درخت ہے۔ مگر اس کو دنیا کی بیریوں سے کیا نسبت ہے صرف نام ہی کی مشابہت ہے۔ ورنہ صورت بیری جیسی نہ سیرت۔ اس کا پھل بڑے بڑے مٹکوں کی برابر۔ پتے ہاتھی کے کان جیسے۔ اور پھر ایسا شاداب ایسا تروتازہ کہ اُسکے نظارہ سے روح تازہ ہو۔ جو نگاہیں دیکھ لیں وہ سراسر بصیرت بن جائیں۔ اس پر سیکڑوں پروانے زمرد و یاقوت کی چمک دمک کے

کچھ ایسی عجیب و غریب کیفیت پیدا کرتے رہتے ہیں کہ انسانی الفاظ میں ان کا بیان ناممکن ہے۔

سدرۃ المنتہیٰ کی وجہ تسمیہ عالم دنیا سے صعود کرنے والے ملائک اور ارواح اس سے آگے نہیں بڑھ سکتے۔ اسی وجہ سے مُنتہٰے اس کے نام کا جز ہو گیا۔

اور یہی وہ حد ہے جہاں ملائک پر ربانی ارشادات کا نزول ہوتا ہے۔ اس وقت اس درخت کی آب تاب درخشانی اور تابانی حسن و بہجت کی وہ کیفیت ہوتی ہے۔ کہ اُسکی تشبیہ اور تمثیل بھی حد بیان سے بالا ہے۔

مگر کوکبۂ ہمایوں کو اس سے آگے پہنچنا تھا۔ لیکن جبرئیل امین کی حد اسی پر ختم ہو گئی تھی جبرئیل امین علیہ السلام نے آگے بڑھنے سے معذرت کی اور نہایت ادب سے اس حقیقت کو واضح کر دیا

اگر یک سر موے بالا پرم فروغ تجلی بسوزد پرم

ہاں اس فروغ تجلی کو صرف وہی برداشت کر سکتا جس کی حقیقت ہی نور تھی۔ جس نے اپنی ہستی کو اس درجہ فنا کر دیا تھا کہ وہ سر تا سر محمد ہو گیا تھا۔ یہی تناسب معراج کمال ہے۔ اور یہی منبع جمال۔

حقیقت محمدیہ نے اور صعود کیا۔

خبردار۔ خبردار۔ یہ تو کہنا نہیں کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) خدا کی برابر بیٹھ گئے۔ آپ کی جوتیاں عرش علی پر پہنچ گئیں۔ معاذ اللہ۔ حضرت جل مجدہٗ اُٹھنے بیٹھنے سے پاک ہے۔ عرش و کرسی صرف اس کے نام کی چیزیں ہیں۔ گویا اس کے احکام اور قوانین کے دفتر ہیں۔ ورنہ وہ نہ عرش پر بیٹھا ہے نہ کسی کرسی میں سما سکتا ہے۔ وہ ہر جگہ ہے مگر مکانیت سے بے نیاز — وہ غیر محدود ہے۔ اُس کا کوئی کنارہ نہیں۔ وہ ہر شے کو محیط ہے۔ کوئی چیز اُس کا احاطہ نہیں کر سکتی۔ تو پھر اُٹھنا بیٹھنا۔ چلنا۔ حرکت کرنا۔ کیسے ممکن ہے۔ باقی رہا جوتیوں کا عرش پر پہنچ جانا۔ تو جب کپڑے عرش پر پہنچے تو جوتیاں عرش پر پہنچنی اگرچہ ناممکن نہیں۔ چنانچہ بعض غیر معتبر روایتوں میں یہ مروی بھی ہے۔ مگر جب تک کوئی یقینی چیز نہ ہو۔ یہ عرش رحمن کے لئے ہتک اور توہین ہے۔ اور اس سے بظاہر حضرت حق جل مجدہٗ کی شان اعلیٰ و بالا کے متعلق معاذ اللہ ایک غیر مناسب نسبت پیدا ہوتی ہے۔

اس قسم کی خبروں میں احتیاط ضروری اور واجب ہے۔

آداب و تحیہ عرش معلیٰ پر حاضری ہوئی۔ اکابر علما کی تحقیق کے بموجب تجلی ربانی کی سعادت حاصل ہوئی۔ وہی جلوہ طور جس کا پردہ دار لن ترانی تھا حبیب اللہ کے لئے بے حجاب ہو گیا۔ کس طرح ہوا۔ کس سمت میں تھا کیا صورت اور کیفیت تھی۔ کچھ معلوم نہیں۔ صرف اتنا معلوم ہے کہ وہ بے چون و چرا ہے اس کی ہر ایک صفت

بنظیر عقل انسانی محدود۔ وہ ایک حد سے بالا عقل انسانی ناقص۔ قاصر۔ عاجز۔ محتاج۔ وہ اور اس کی صفات کامل۔ قادر۔ غنی اور بے نیاز ـــــ ہاں سید الانبیاء علیہ وعلیہم السلام کے لئے یہ سارا واقعہ ایسا مخصوص احسان وکرم تھا جس سے تمام کائنات محروم تھی۔ اور ہے اور رہے گی۔ وہ سید الانبیا جس کا منتہاء کمال ہی حمد۔ یعنی ستایش (یعنی اپنی عاجزی فروتنی اور حضرت حق کی برتری اُسکے فضل واحسان کا اعتراف اور کامل اعتراف اور انتہائی اعتراف) تھا۔ اس موقعہ پر۔ اس مخصوص لطف کا شکر یہ کس طرح ادا کرے۔

شاہان دنیا کی بارگاہ میں حاضری ہوتی ہے۔ تو کچھ نظر پیش کی جاتی ہے۔ مگر احکم الحاکمین کی بارگاہ میں نظر کس طرح پیش کی جائے۔ اور کس چیز کی۔ جو کچھ ہے سب اسی کا۔ وہی مالک نہ صرف مالک بلکہ خالق۔ تو نظر میں کیا چیز پیش کی جائے۔ مگر پیش کرنے والا بھی سید الانبیا تھا۔

کمال عجز اور جذبہ تشکر وامتنان کے تموج نے ایک عجیب وغریب نظر کا خیال دفعتہً قلب مبارک میں پیدا کیا۔ اور انتہائی خشوع اور عاجزی کے ساتھ لسان رسالت گویا ہوئی۔

التحیات للّٰہ والصلوٰۃ والطیبات۔ زبان کے ذریعہ سے جسقدر تعظیمات بجالائی جاسکتی ہیں۔ بدن کے ذریعہ سے جسقدر احترامات پیش کئے جاسکتے ہیں۔ پاکیزہ اور نفیس مالوں کے ذریعہ سے جسقدر نظرانے پیش کئے جاسکتے ہیں ان سب کا مستحق صرف اللہ ہے اور صرف اللہ۔ الفاظ اور معنی پر فکر وغور کرو۔ کیا اس سے زیادہ جامع حمد اور بہترین نذرانہ کوئی عابد اپنے معبود کی بارگاہ میں پیش کرسکتا ہے؟

افضل الرسل صلی اللہ علیہ وسلم کا آداب قبول ہوا۔ جواباً ارشاد ہوا۔

السلام علیك ایہا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ اے نبی تم پر خدا کا سلام۔ اُس کی رحمتیں اور اُس کی برکتیں۔

جس طرح تحیہ اور آداب بے نظیر تھا چند الفاظ میں لاتعداد معنی پر مشتمل تھا۔ اس سے زیادہ جامع جواب تحیہ ہے کاش اوراق رسالہ گنجائش رکھتے۔ فرصت اجازت دیتی تو ان جامع ترین تحیہ اور جواب تحیہ کی تفسیر کی جاتی۔ بہرحال خداوندی جواب کے جواب میں افضل الرسل صلے اللہ علیہ وسلم نے عرض کیا

السلام علینا وعلی عباد اللہ الصالحین۔ ہم پر اور اللہ کے تمام نیک بندوں پر سلام۔

یہ ہے رحمۃ للعالمین کی شان رحمت۔ روف رحیم کی شان رافت۔ کہ خداوندی سلام کی اس بے پایاں دولت کو مخصوص کرنے کے بجائے چاہا کہ زیادہ سے زیادہ عام ہوجائے۔ ماں ہرگز نہیں چاہتی۔ کہ شیرینی تقسیم ہو۔ اور خود ہی لے لے۔ اُسکی پہلی نظر بچوں پر ہوتی ہے۔ جو اس کی آغوش رحمت میں پرورش پا رہے ہیں۔

سید الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم کو گوارا نہ ہوا کہ خداوندی سلام ورحمۃ وبرکات (باقی صفحہ ۴۶ پر ملاحظہ ہو)

ترجمہ تفسیر ابن کثیر

گذشتہ سے پیوستہ — از حضرت علامہ مولانا سید فخر الدین احمد صاحب شیخ الحدیث

فصل۔ سورت کے معنی علماء کا اختلاف ہے کہ سورت کے معنی کیا ہیں اور وہ کس لفظ سے ماخوذ ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ سورت بمعنی ایضاح اور بلندی سے ماخوذ ہے۔ نابغہ کا شعر ہے

الم تری ان اللہ اعطاک سورۃ   تری کل ملک دونہا یتذبذب

(ترجمہ) کیا تو نے دیکھا نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے تجھ کو ایسی بلندی عطا فرمائی ہے کہ تمام بادشاہ اُس کے نیچے حرکت کرتے ہیں۔ گویا کہ قاری ان کو پڑھ کر ایک مرتبہ سے دوسرے مرتبہ کی طرف منتقل ہوتا ہے۔ ایک قول یہ ہے کہ سور بمعنی شہر پناہ سے ماخوذ ہے۔ اور بلحاظ اپنے بلندی مرتبہ اور عظمت شان کے شہر پناہ کی طرح اس کا نام سورہ رکھا گیا ۱۲۔ ایک قول یہ ہے کہ اسار الاناء سے ماخوذ ہے۔ جس کے اصلی معنی ہیں برتن میں کا باقی ماندہ پانی۔ یعنی ایک حصہ اور جزء۔ تو چونکہ سورت بھی قرآن پاک کا جزء ہے اس لئے اس کو سورت کہا جاتا ہے۔

اس صورت پر اس کی اصل سؤرۃ ہمزہ سے ہوگی یعنی س۔ ء۔ ر۔ اس کے اصلی حروف ہوں گے چونکہ ہمزہ سے پہلے ضمہ تھا اس لئے ہمزہ کو واؤ سے بدل دیا گیا۔

ایک قول یہ بھی ہے کہ سورۃ لغت میں اونٹنی کو کہتے ہیں۔ اسی کی مناسبت سے قرآن کے ایک مکمل حصہ کا نام سورۃ رکھا گیا۔

علامہ ابن کثیر کا خیال یہ ہے کہ سُور البلد سے ماخوذ ہے جو شہر پناہ کو کہا جاتا ہے۔ اور مناسبت یہ ہے کہ کہ جس طرح شہر پناہ تمام شہر کے محلات اور مکانات کو محیط اور جامع ہوتا ہے اسی طرح سورت قرآن آیات قرآنی کو محیط اور جامع ہوتی ہے۔

سورت کی جمع سُوَر بفتح واؤ۔ اور سورات اور سُوارات بھی جمع آتی ہے۔

معنی آیۃ کی تحقیق آیۃ کے معنی علامت ہیں۔ اس کے ذریعہ سے دو کلاموں کا باہم ایک دوسرے سے انقطاع معلوم ہوتا ہے یعنی یہ ایک امتیازی نشان ہوتا ہے جو یہ بتاتا ہے کہ کلام کا یہ ٹکڑا اپنے ہم جنس دوسرے ٹکڑوں سے منفرد اور منفصل ہے۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے ان آیۃ ملکہ۔ یہاں آیۃ کے معنی نشان کے ہیں

نابغہ کا قول ہے۔ توھمت آیات لھا فعرفتھا لستۃ اعوام وذا العام سابع

مجھے اس کی علامات کا وہم ہو گیا۔ میں نے اس کو چھ سال گزرے پہچان لیا تھا یہ ساتواں سال ہے۔

آیۃ کے معنی جماعت کے بھی آتے ہیں۔ کہا جاتا ہے خرج القوم بآیتھم۔ یعنی قوم اپنی پوری جماعت لے کر نکلی۔ چنانچہ ایک قول یہ ہے کہ آیۃ قرآن کو آیت اس لئے کہتے ہیں کہ یہ بھی حروف قرآن کا مجموعہ ہوتی ہے۔ جیسا کہ ایک شاعر کا قول ہے

خرجنا من النقبین لاحیّ مثلنا بآیتنا نزجی اللقاح المطافلا

نکلے ہم نقبین سے اس حالت میں کہ ہماری برابر کوئی قبیلہ نہیں تھا۔ ہم اپنی پوری جماعت لے کر اس حالت میں نکلے کہ ہم دودھ دینے والی بچہ دار اونٹنیوں کو تیز ہنکا رہے تھے۔

نیز آیۃ عجیب چیز کو بھی کہتے ہیں۔ چنانچہ ایک قول یہ بھی ہے کہ آیت کو اس لئے آیت کہتے ہیں کہ یہ اپنی عجیب شان کے لحاظ سے ایسی بے مثل ہوتی ہے کہ اُس کی نظیر پیش کرنے سے انسان عاجز اور قاصر رہتا ہے

لفظ آیۃ کی حقیقت اور تعلیل علامہ سیبویہ کا قول ہے کہ آیۃ کی اصل اَیَیَۃٌ ہے بروزن اکمۃ یا شجرۃ یاء اول متحرک ہے اور اس کے ماقبل مفتوح۔ اُسکو حسب قاعدہ الف سے بدل دیا گیا آیۃ ہو گیا۔ یعنی اول میں ہمزہ اُس کے بعد مدہ۔ کسائی کے نزدیک اس کی اصل آیِیَۃ بروز آمنۃ تھی۔ ثانی یا کو الف سے بدل کر اشتباہ کے خیال سے اُس نکال دیا گیا۔ فراء کا قول ہے اس کی اصل اَیّۃ ہے یاء اول کی تشدید کے ساتھ تشدید کو غیر موزوں خیال کرتے ہوئے یا کو الف سے بدل دیا گیا۔ آیۃ ہو گیا۔

آیۃ کی جمع آی و آیای اور آیات آتی ہے۔

کلمہ ایک لفظ کو کہتے ہیں وہ کبھی دو حرفی ہوتا ہے۔ جیسے ما۔ لا۔ لہ وغیرہ اور کبھی زائد۔ مگر کلمہ کے زائد سے زائد حروف دس ہوتے ہیں۔ جیسے لَیَسْتَخْلِفَنَّھُمْ اور اَنُلْزِمُکُمُوْھَا اور فَاَسْقَیْنٰکُمُوْہُ

چھوٹی سے چھوٹی آیت کبھی ایک کلمہ بھی آیت ہوتا ہے۔ جیسے والفجر۔ والضحیٰ۔ والعصر۔ اور اسی طرح علماء کوفہ الٓمٓ۔ اور طٰہٰ۔ یٰسٓ۔ حٰمٓ کو بھی ایک ہی کلمہ کہتے ہیں۔ البتہ حٰمٓ عٓسٓقٓ کو فیین کے نزدیک دو کلمے ہیں۔ علماء کوفہ کے علاوہ دیگر علماء ان کو آیت نہیں کہتے۔ بلکہ ان کو سورتوں کے عنوانات قرار دیتے ہیں

ابو عمرو کا قول ہے کہ ارشاد الٰہی مُدْھَآمَّتٰنِ (سورۃ رحمٰن) کے علاوہ میرے علم میں نہیں کہ تنہا کوئی ایک کلمہ آیت ہو۔

تاریخ عالم اور حیات الانبیاء علیہم السلام
رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلت کے تاریخی جوابات
سیدنا آدم علیہ السلام

رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم نبی الانبیاء کی حیثیت سے

عام عہد کے بعد خاص عہد عہد الست، اُسکی تفسیر اور نوعیت اور اسکے شکوک و جوابات اجمالی طور پر پیش کئے جا چکے۔ آج ایک دوسرے عہد کا ذکر ہے۔ جسکے متعلق کوئی ایسی روایت نہیں ملی جس سے صراحۃً اس عہد کا بعد میں ہونا معلوم ہو۔ کچھ قرائن عہد الست کو ضرور مقدم قرار دیتے ہیں۔ مثلاً

(۱) عہد الست حضرت حق جل مجدہ کی ربوبیت کے متعلق تھا اور یہ خاص منصب نبوت و رسالت کے متعلق ہے نبوت کا ماننا لامحالہ خدا اور رب کو مان لینے کے بعد ہی ہوگا۔

(۲) پہلے عہد کا وقت وہ بتایا گیا ہے جبکہ آدم علیہ السلام کی پشت سے اُنکی ذریات کو نمودار کیا گیا اور اس عہد کا وقت وہ بتایا گیا ہے کہ جب اُسکی اولاد میں سے انبیاء کو منتخب کر لیا گیا چنانچہ ارشاد ہے۔

واذ اخذ اللّٰہ میثاق النبیین لما آتیتکم من کتاب و حکمۃ ثم جاءکم رسول مصدق لما معکم لتؤمنن بہ ولتنصرنہ۔ قال ءاقررتم واخذتم علی ذالکم اصری قالوا اقررنا قال فاشھدوا وانا معکم من الشاھدین۔ فمن تولی بعد ذالک	جب اللہ تعالیٰ نے انبیاء علیہم السلام کا میثاق لیا کہ جو کچھ بھی میں نے تمکو کتاب اور حکمت دی ہے۔ پھر تمہارے پاس کوئی رسول آوے اُن کتب الٰہیہ کی تصدیق کرے جو تمہارے پاس ہیں تو تم اسپر ضرور ایمان لاؤگے اور ضرور ضرور اُسکی مدد کروگے۔ باری تعالیٰ نے فرمایا۔ کیا تم نے اقرار کیا اور اس شرط پر میرا عہد قبول کر لیا، انہوں نے جواب دیا ہم نے

فاولٰئِکَ ھُمُ الفاسِقُونَ ۝	اقرار کیا باری تعالیٰ عزاسمہ نے فرمایا کہ تم گواہ رہو اور میں بھی
(آل عمران ع ۹ ج ۳)	تمہارے ساتھ شاہد ہوں پھر جو کوئی اسکے بعد اس معاہدہ سے منحرف
....	ہوں وہ فاسق ہوں گے۔

آیت مذکورہ کے بعد اس عہد و معاہدہ کے برحق ہونے میں تو ایک مسلمان کیلئے شک و شبہ کی گنجائش قطعاً نہیں البتہ یہ سوال باقی رہا کہ یہ عہد کس سے لیا گیا، آیا عام طور پر حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد سے یا خاص انبیاء علیہم السلام سے۔

علماء مفسرین سے دونوں تفسیر مروی ہیں سیدنا شاہ ولی اللہ صاحب، سیدنا شاہ عبدالقادر صاحب کے ترجمہ اور تفسیر سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے نزدیک یہ عہد بھی عام انسانوں سے لیا گیا گویا ذریاتِ آدم سے دو عہد لئے گئے ایک رب العالمین کی ربوبیت پر، دوسرا انبیاء علیہم السلام کی نبوت پر۔ اس تفسیر کے بموجب عہد کے یاد نہ رہنے کا اشکال یہاں بھی وارد ہوگا جسکے متعلق سرسری طور پر اتنا عرض کر دینا کافی ہے کہ تمام مذاہب متفقہ طور سے اسبات کے مدعی ہیں کہ انکا مذہب خدا نے کسی کے ذریعہ سے اُن پر نازل کیا۔ یہ دوسری بات ہے کہ اس لانے والے کے متعلق اُن کے عقائد میں کثرت افراط و تفریط ہوگئی ہے۔ مثلاً عیسائیوں نے اس لانیوالے کو اللہ کا بیٹا مان لیا۔ ہندو اُن کو اوتار یعنی خداوند عالم کا مظہر قرار دیتے ہیں۔

مگر اسپر جملہ مذاہب کا اتفاق ہے کہ خدا کیطرف سے انسان کی ہدایت کیلئے کوئی بھیجا گیا۔ دہریوں کی تھوڑی سی مقدار کو چھوڑ کر ربوبیت کیطرح سے بعثت اور نزول کا عقیدہ بھی ایک فطری جذبہ بن گیا ہے، لیکن اکابر مفسرین نے اسکو مخصوص عہد قرار دیا ہے جو صرف انبیاء علیہم السلام سے لیا گیا۔

عہد کا حاصل اور مفاد ۔ دو مضمون اس عہد کا لب لباب ہیں۔

(۱) حضرت طاؤس، حسن بصری اور قتادہ رضی اللہ عنہم اس عہد کا حاصل یہ قرار دیتے ہیں۔

اخذ اللہ میثاق النبیین ان یصدق	اللہ تعالیٰ نے انبیاء علیہم السلام سے یہ عہد لیا
بعضھم بعضاً۔ (تفسیر ابن کثیر صفحہ ۳۶۶ ج ۲)	کہ ایک دوسرے کی تصدیق کیا کریں گے۔

(۲) سیدنا علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

ما بعث اللہ نبیاً من الانبیاء الاّ	جس نبی کو بھی خداوند عالم نے مبعوث فرمایا اس سے
اخذ علیہ المیثاق لئن بعث اللہ محمداً	عہد لے لیا کہ اگر انکی زندگی میں محمد صلے اللہ علیہ وسلم کو مبعوث
وھو حی لیؤمنن بہ ولینصرنہ۔ وامرہ	فرمایا گیا تو ضرور بالضرور وہ آپ پر ایمان لائیں گے اور

ان یاخذ المیثاق علیٰ اُمتہ لئن بعث محمد وھم احیاء لیومنن بہ ولینصرنہ (تفسیر ابن کثیر صفحہ ۳۸۶ ج ۲)	اُنکی امداد فرمائیں گے، اور انکو یہ بھی حکم فرمادیا کہ اپنی امت سے بھی اسکا عہد لے لیں کہ اگر انکی زندگی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوں تو ضرور ضرور اُنپر ایمان لائیں اور اُنکی تائید و امداد کریں۔

اس آخری مضمون کی تائید دوسری احادیث سے بھی ہوتی ہے۔ ارشاد ہوتا ہے۔

والذی نفسی بیدہٖ لو اصبح فیکم موسیٰ علیہ السلام ثم اتبعتموہ وترکتمونی لضللتم انکم حظی من الامم وانا حظکم من النبیین۔ (تفسیر ابن کثیر صفحہ ۳۸۶ ج ۲)	قسم اُس ذات کی جسکے قبضہ میں میری جان ہے اگر تم میں موسیٰ علیہ السلام موجود ہوں اور تم مجھکو چھوڑ کر انکی اتباع کرو تو تم گمراہ ہو جاؤ۔ تم امتوں میں سے میرا حصہ ہو اور میں نبیوں میں سے تمہارا حصہ۔

دوسری حدیث میں ہے۔

واللہ لو کان موسیٰ حیا بین اظہرکم ماحل لہ الا ان یتبعنی (تفسیر مذکور)	خدا کی قسم اگر موسیٰ علیہ السلام تمہارے درمیان میں زندہ ہوں تو انکے لئے صرف یہی شکل جائز ہوگی کہ وہ میری اتباع کریں

علامہ تقی الدین سبکی رحمۃ اللہ تعالیٰ نے اسی آخری مضمون کے اعتماد پر نہایت قوت سے بیان کیا کہ آپ تمام انبیا علیہم السلام کے نبی ہیں۔ یوم ازل سے آپ نبی بنائے گئے اور تمام انبیاء علیہم السلام کی نبوت آپکی نبوت ورسالت کا پرتو ہے۔
چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

کنت نبیا وآدم بین الماء والطین	میں اس وقت بھی نبی تھا جب آدم علیہ السلام کے پتلے کی مٹی تیار کیجا رہی تھی

اور اگر غور کیا جائے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی اَوّلُ مَاخلقَ اللہُ نوری۔ (سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے میرا نور پیدا کیا) بھی آپکے نبی الانبیاء ہونیکی دلیل ہے کیونکہ اس حدیث کا مفاد یہ ہے کہ

(۱) صفات الٰہیہ کے التفات والعطاف کا سب سے پہلا ثمرہ نور محمدی ہے (صلی اللہ علیہ وسلم)

(۲) جبکہ باری تعالیٰ عز اسمہ کی ہر صفت کمال ہی کمال ہے۔ تو لامحالہ سب سے پہلی مخلوق کامل اور کمل، اکمل اور افضل ہوگی اور جبکہ نبوت ایک اعلیٰ کمال ہے تو لامحالہ سب سے پہلی مخلوق اس صفت سے بھی موصوف ہوگی۔

لطیفہ:۔ اس نور کا مخصوص وصف حمد تھا چنانچہ حامد، محمود، احمد، محمد، اسکے اسمائے گرامی ہیں اسی کے ہاتھ میں قیامت کے روز لواء حمد ہوگا۔ اور وہی عرش معلیٰ کے نیچے سر بسجود ہو کر ایسی حمد کریگا جسکی نظیر سے سارا عالم خالی ہوگا۔ حمد کے معنی میں

ثنا خوانی، نیاز مندی، خالق کی بارگاہ میں سجدہ ریزی، خشوع خضوع، اپنے رب کے آستانہ پر جبہ سائی، تضرع اور ابتہال شکر اور امتنان - خداوند عالم نے قرآن پاک میں اپنی عادت یہ بتائی ہے -

لئن شکرتم لازیدنکم — اگر تم شکر کروگے تو میں بڑھاؤنگا

اس نور کامل و مکمل کی کامل و مکمل حمد کا اثر تھا کہ سلسلۂ مخلوقات میں وسعت اور پھیلاؤ شروع ہوا۔ قلم، لوح محفوظ، عرش، کرسی، آسمان، زمین، فرشتے، جنات حتی کہ حضرت آدمؑ اور انکی ذریت پیدا ہوئی، نتیجہ کلام یہ کہ ساری کائنات کا مرجع و مرکز یہی نور قدسی تھا۔ اسی کے فیض سے جملہ کمالات جملہ موجودات کا ظہور ہوا، چنانچہ ارشاد ہے -

لولاک لما خلقت الافلاک - اگر آپ نہ ہوتے تو میں آسمانوں کو (یعنی عالم) کو پیدا نہ کرتا۔

بہرحال جبکہ نور قدسی کائنات عالم کے جملہ کمالات کیلئے اصل ہوا تو انبیاء علیہم السلام کی نبوت، رسل علیہم السلام کی رسالت اولیاء اللہ کی ولایت کی اصل بھی وہی نور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہوگا یہی باعث ہے کہ آپ حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش سے پہلے سے نبی تھے۔ اور یہی باعث ہے کہ تمام انبیاء علیہم السلام سے آپکی نبوت پر عہد لیا گیا - اور یہی سبب ہے کہ آپ خاتم الانبیاء ہوئے کیونکہ تخم اگرچہ اصل کے لحاظ سے مقدم ہوتا ہے، مگر اپنے ظہور کے لحاظ سے درخت کے برگ و بار، ٹہنیوں، شاخوں، پھول اور کلیوں غرض درخت کی تمام ہی چیزوں سے موخر ہوتا ہے - یہی سبب ہے کہ شب معراج میں آپ تمام انبیاء علیہم السلام کے امام بنائے گئے اور پھر اس درجۂ اعلیٰ تک پہنچے جہاں تک کائنات کا کوئی فرد نہ کبھی پہنچ سکا نہ پہنچ سکیگا۔ یہی سبب ہے کہ قیامت کے روز آپ جیسے شفیع المذنبین ہوں گے اسی طرح آپ شفیع الانبیاء بھی ہونگے -

صحیح حدیث شریف میں وارد ہے کہ جب مخلوقات ایک دراز عرصہ تک میدان حشر میں سرگرداں رہ چکیں گے اور اب تک انکا حساب و کتاب بھی شروع نہ ہوا ہوگا تو وہ اسکی کوشش کریں گے کہ کوئی مقبول بارگاہ یہی دعا کردے کہ حساب جلد شروع ہوجائے وہ اس سفارش کیلئے تمام انبیاء علیہم السلام کے پاس جائیں گے مگر یکے بعد دیگر جملہ انبیاء علیہم السلام اس خدمت کی بجا آوری سے معذرت کردیں گے - بالآخر وہ سید الانبیاء رحمۃ للعالمین کی بارگاہ رسالت میں حاضر ہونگے آپ اسوقت بارگاہ رب صمد میں سر نیاز خم فرماکر وہ حمد کریں گے کہ سارا عالم اسکی نظیر سے عاجز ہوگا۔ تب ارشاد ربانی ہوگا یا محمد ارفع راسک سل تعطہ اشفع تشفع - اے محمد اپنا سر اٹھا مانگو عطا کیے جاؤ گے شفاعت کرو تمہاری شفاعت...

حضور کی یہ شفاعت تمام ہی انسانوں کیلئے عام ہوگی اسکے بعد آپکی شفاعت وقتاً فوقتاً اپنی امت کیلئے ہوگی بہرحال آپ نہ صرف شفیع المذنبین ہیں بلکہ آپ شفیع الانبیاء، شفیع عالم بھی ہیں کیوں نہوں آخر رحمۃ للعالمین ہیں ارشاد ربانی ہے - وما ارسلنٰک الا رحمۃ للعالمین -

(باقی)

اصحابِ صفہ رضی اللہ عنہم اجمعین

وجہ معاش۔ یہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے کہ مدینہ طیبہ کی آبادی چند ہزار سے زیادہ نہ تھی، طرز زندگی عموماً سادہ تھا، پارچہ بافی کی صنعت اگرچہ کافی ترقی کر چکی تھی، مگر اس صنعت میں مدینہ والوں کا کوئی خاص حصہ نہ تھا، یمن وغیرہ میں یہ صنعت ترقی پر تھی، مگر مدینہ طیبہ کے عام باشندے زراعت پیشہ تھے، عام طور سے اپنا کام خود ہی کرتے تھے، یہودیوں کے ہاتھ میں تجارت تھی۔ اور سودی کاروبار کے ذریعہ سے وہ مہاجن بنے ہوئے تھے، مختصر یہ کہ کسی پردیسی کے لئے ذریعہ معاش کا مہیا ہونا بہت ہی دشوار تھا۔ اصحاب صفہ جو پردیسی تھے نہ زراعت کیلئے اُن کے پاس زمین تھی نہ تجارت کیلئے روپیہ، اُن کیلئے ذریعہ معاش معمولی مزدوری کے علاوہ کچھ نہ تھا مگر بحالاتِ مذکورہ اسکا میسر آنا بھی مشکل۔

مزدوری کا طریقہ سیدنا حضرت علی رضی اللہ عنہ اپنی زندگی کا ایک واقعہ بیان فرماتے ہیں اس سے مزدوری اور اُجرت کے طرز پر ایک روشنی پڑ جائے گی۔

سیدنا حضرت علی رضی اللہ عنہ۔ موسم سرما کی شدت آفتاب کی شعاعوں کو بھی لرزاں بنائے ہوئے ہے، گھر کے گوشوں میں اگر کوئی پھٹا پرانا کپڑا ہوتا تو اسکو پہن ہی لیتا، مگر یہاں برہنگی کے سوا کچھ نہیں۔ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ میں سب طرف تلاش کیا ایک کھال کے سوا کچھ نہ تھا میں نے اُسی کو اُٹھالیا اور بیچ میں سے کاٹ کر گلے میں ڈال لیا دونوں پلّوں کو جو آگے اور پیچھے لٹک رہے تھے بدن سے پیوست کرنے کیلئے کھجور کے پتوں کی رسّی بٹ کر کمر پر باندھ لی۔ جب اسطرح سردی سے کچھ نجات ملی تو شکم پری کی فکر ہوئی، کئی وقت گذر گئے تھے، فاقہ پر فاقہ تھا، اور اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حرم مبارک میں کچھ ہوتا تو یقیناً کھالیتا مگر وہاں بھی یہی حالت تھی میں گھر سے نکلا، باغات کی طرف گیا، ایک باغ کے اندر چہار دیواری کی دیوار سے جھانکنے لگا۔ وہاں ایک یہودی کنوئیں پر کھڑا ہوا چرخی سے پانی بھر رہا تھا اور درختوں کو سینچ رہا تھا، مجھے دیکھ کر پکارا، او اعرابی! (دیہاتی) کیا بات ہے کیا مزدوری کریگا؟ ایک ڈول بھردو اور ایک کھجور لے لو۔

سیدنا حضرت علی کرم اللہ وجہہ، بہت اچھا دروازہ کھولو۔ یہودی نے دروازہ کھولدیا، میں اندر پہنچا

پانی بھرنا شروع کیا۔ ایک ڈول کھینچ لیتا اور ایک کھجور لے لیتا یہاں تک کہ مٹھی بھر کھجور ہو گئے میں نے کہا بس کافی ہیں، میں نے ڈول چھوڑ دیا کھجور کھائے، پانی پیا، خدا کا شکر ادا کیا اور قبلہ برکات وسعادت، بارگاہِ رسالت (صلی اللہ علی صاحبہا) کیطرف چلدیا۔ دیکھا کہ رسالتمآب سید المرسلین مسجد میں رونق افروز ہیں۔ (ترمذی شریف)

سوال کی ممانعت ذرائع معاش کی یہ تنگی اور پھر امتحان پر امتحان یہ کہ سوال حرام۔ حتیٰ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ خاص طور سے اسی پر بیعت لی کہ کسی سے کچھ نہ مانگو گے۔ ان معاہدہ کرنیوالوں کی یہ حالت تھی کہ اگر اونٹ پر سوار ہیں اور کوڑا گر گیا تو اونٹ ٹھہراتے، اترتے، کوڑا خود اٹھاتے، مگر یہ گوارا نہ تھا کہ برابر کے آدمی سے کہدیں کہ کوڑا اٹھادو۔ (ترمذی شریف)

اگرچہ عام لوگوں کیلئے بعض بعض صورتوں میں سوال جائز ہے۔ مگر یہ حضرات وہ تھے کہ جواز کی صورت میں بھی انکو شبہ اور احتمال رہتا احتیاط اور تقویٰ اسی میں یقین کرتے کہ دستِ سوال کسی حالت میں بھی دراز نہ کیا جائے۔ سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ایک حدیث ہم مکرر ذکر کرتے ہیں کہ ایکمرتبہ آپ کتان کے دو کپڑے زیب تن کئے ہوئے تھے، انہیں میں سے ایک میں ناک صاف کرکے فرمانے لگے، خوب، خوب، ابوہریرہ آج تم کتان میں ناک صاف کرتے ہو، تم ہی تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منبر سے لیکر سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ تک (چند قدم)، نہ چل سکتے تھے۔ بیہوش ہو کر گر جاتے تھے آنے والے آتے گردن پر پاؤں رکھتے، خیال کرتے مرگی ہے۔ حالانکہ مرگی نہ تھی۔ بھوک تھی۔ (صفہ ۲۷۶ جمع الفوائد ج۲)

تم نے دیکھا بھوک کی کسقدر شدت ہی گرسنگی نے اعضا کو کسدرجہ معطل کر دیا، مگر واہ رے خودداری، واہ رے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کی اتباع کہ کوئی یہ نہیں سمجھ سکتا کہ بھوک ہے۔

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اپنا ایک واقعہ بیان فرمایا کرتے تھے۔ اس کے مطالعہ سے یہ بھی معلوم ہوگا کہ یہ حضرات سوال سے کسدرجہ احتیاط کیا کرتے تھے نیز حضراتِ اصحابِ صفہ کی وجہ معاش پر بھی روشنی پڑیگی۔

اس خدا کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں میں بھوک کی شدت میں اپنا جگر زمین پر ٹیک دیا کرتا تھا، میں پیٹ پر پتھر بھی باندھا کرتا تھا ایک روز میں راستہ پر بیٹھ گیا جہاں سے سب حضرات کا گذر ہوتا تھا۔ سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تشریف لائے، میں نے آپ سے ایک آیت کی تفسیر دریافت کی۔ میرا مقصد یہ تھا کہ شاید وہ مجھے اپنے ساتھ لیجائیں مگر آپ کو اسطرف توجہ نہوئی۔ پھر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ تشریف لائے میں نے آپ سے بھی اسی غرض سے آیت دریافت کی، مگر جو میرا مقصد تھا اسکا آپکو بھی کچھ خیال نہوا، اسکے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے آپنے مجھے

دیکھا تو تبسم فرمایا۔ چہرہ پر نظر ڈالتے ہی بات سمجھ گئے۔ ارشاد فرمایا ابو ہریرہ۔ میں نے عرض کیا لبیک یارسول اللہ "آؤ!" یہ فرماکر آپ آگے بڑھ گئے۔ میں پیچھے ہولیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم دولت سرا میں تشریف لیگئے اور مجھے بھی داخلہ کی اجازت مرحمت فرمائی، میں اندر حاضر ہوا۔ سرورِ عالم نے وہاں ایک پیالہ دودھ کا رکھا ہوا دیکھا، اہلِ خانہ سے دریافت کیا یہ کہاں سے آیا جواب دیا گیا کہ فلاں صاحب نے بھیجا تھا۔ اسکے بعد حکم ہوا۔ ابوہریرہ جاؤ تمام صفہ والوں کو بلالاؤ۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں مجھے یہ ناگوار ہوا میں دلمیں کہنے لگا کہ ایک پیالہ دودھ ہے میرے لئے بھی کافی نہ ہوگا۔ تمام اہل صفہ کو طلب فرمایا جارہا ہے، مگر ارشادِ گرامی کی تعمیل ضروری تھی، میں گیا تمام صفہ والوں کو بلالایا۔ ارشاد ہوا ابوہریرہ پیالہ لو اور ایک ایک کو پلاتے چلو، میں اگرچہ حیران تھا مگر خدا کے مقدس رسول کی اطاعت سو جان سے لازم تھی، میں نے تعمیل کی پلانا شروع کیا، خدا کی قدرت سب ہی نے باری باری سیر ہوکر دودھ پی لیا آخر میں میں پیالہ لیکر حاضر خدمت ہوا۔ آپ نے پیالہ لیا دستِ مبارک پر رکھا میری طرف نظر اٹھا کر دیکھا اور مسکرا کر فرمایا ابوہریرہ بس میں اور تم رہ گئے، میں نے عرض کیا درست یارسول اللہ۔ ارشاد ہوا بیٹھ جاؤ اور پیو میں بیٹھ گیا اور پیا ارشاد ہوا اور پیو میں نے اور پیا، فرمایا اور پیو میں نے اور پی لیا۔ ارشاد ہوا اور پیو میں نے عرض کیا اب کہیں جگہ نہیں رہی، ارشاد ہوا اب مجھے دو آپ نے وہ پیالہ لیا اور سب کا جھوٹا بچا ہوا نوش جان فرمایا۔ (بخاری شریف ترمذی شریف وغیرہ)

اس حدیث سے آپنے اندازہ فرمالیا کہ اپنی بھوک اور افلاس کو چھپانے میں یہ حضرات کسقدر احتیاط سے کام لیا کرتے تھے۔

بہرحال یہ حضرات وہ تھے جن کے پاس کوئی ذریعۂ معاش نہیں تھا اب اگر کوئی صورت مزدوری کی ہوجاتی تو اسکو کرلیتے ورنہ فاقوں پر فاقے کیا کرتے۔ اسی باعث ان حضرات کو متوکلین کہا جاتا تھا، مگر متوکلین کے لفظ سے آپ یہ دھوکا ہرگز نہ کھائیں کہ آجکل کے متوکلین کیطرح ہاتھ پیر توڑ کر اپنی زندگی کا مدار خیرات صدقات یا سوال پر کرلیا تھا۔ بلکہ توکل کے یہ معنی کہ اُن کے پاس قابلِ اعتبار کوئی ذریعۂ معاش نہ تھا، نیز ان کیلئے جائز نہ تھا کہ یہ اپنے لئے جمع رکھ سکیں جو کچھ اُن کے پاس تھا اسکا خرچ کرنا ان حضرات پر ضروری تھا۔

اصحاب صفہ کے توکل کی توضیح دیکھو صـ ۱۹۲ ۲۷۶ از بنالولبر۔ (باقی آئندہ انشاء اللہ)

اصحاب صفہ کون کون حضرات تھے

از حضرت مولانا محمد شفیع صاحب سہسرامی استاذ جامعہ عثمانیہ معینیہ اجمیر شریف

(گذشتہ سے پیوستہ)

ابو ثعلبہ خشنی آپ کا اسم گرامی علماء مختلف بیان کرتے ہیں۔ حافظ ابن عبد اللہ نے جرثوم بن جرہم لکھا ہے بیعۃ الرضوان، فتح خیبر میں شریک تھے، حسب فرمانِ نبوی اپنی قوم میں تعلیماتِ اسلامی کی نشر و اشاعت میں نہایت سرگرمی سے کام کیا چنانچہ آپکی جد و جہد کامیاب ہوئی اور ساری قوم دائرۂ اسلام میں داخل ہوئی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، معاذ بن جبل ابو عبیدہ بن جراح سے روایت کرتے ہیں۔ ابو ادریس خولانی، ابو اسلم شعبانی، سعید بن مسیب، عطاء بن یزید اللیثی، ابو قلابہ، مکحول شامی وغیرہ محدثین آپ سے روایت کرتے ہیں۔ الذی یدرک صیدہ بعد ثلاث فلیاکلہ الا ان ینتن[1] آپنے رفعاً روایت کی ہے۔ آپکی وفات کا عجیب و غریب قصہ ہے۔ آپ اکثر فرمایا کرتے تھے کہ مجھے موت کی شدت و تکالیف نہیں اُٹھانی پڑیں گی، چنانچہ آپکی پیشینگوئی پوری ہوئی، ایک رات سجدہ کی حالت میں اچانک روح پرواز کر گئی۔ آپ کی صاحبزادی نے خواب دیکھا کہ والد صاحب کا انتقال ہو گیا، گھبرا کر انھیں دریافت کرنے کے بعد معلوم ہوا کہ نماز میں مشغول ہیں، جا کر آواز دی، ہلایا معلوم ہوا کہ طائرِ روح پرواز کر چکا ہے۔ ۷۵ھ میں وفات ہوئی۔

۲۔ واثلہ بن الاسقع، کنیت ابو محمد، غزوہ تبوک سے قبل ہی حلقہ بگوشِ اسلام ہو چکے تھے، تبوک میں شریک تھے، تین سال تک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمتِ فیضدرجت میں رہ کر علوم و فنون کی تحصیل کی۔ ابن عبد اللہ وغیرہ محدثین نے اہل صفہ میں شمار کیا ہے۔ اوّلاً بصرہ پھر شام میں سکونت اختیار کی، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ابو مرثد غنوی۔ ابو ہریرہ، ام سلمہ سے حدیثیں روایت کرتے ہیں ابو ادریس خولانی، مکحول، عریف بن عیاش الہی وغیرہ آپ سے احادیث کی روایت کرتے ہیں، غزوات دمشق حمص وغیرہ میں شریک تھے ۸۵ھ یا ۸۳ھ میں عبد الملک کے عہدِ خلافت میں ۹۸ سال کی عمر میں وفات ہوئی۔

۳۔ مقداد بن اسود، کنیت ابو الاسود۔ قدیم الاسلام ہیں جنگِ بدر میں صرف آپ ہی سوار تھے، شجاعت

---

[1] جو شخص اپنا شکار تین روز بعد پائے وہ اسکو کھا سکتا ہے، مگر اس صورت میں کہ بدبو پیدا نہ ہو جائے (شکار کے متعلق تفصیلی احکام دینیات کے سلسلہ میں آئیں گے انشاء اللہ) ادارہ

ونجابت میں آپکے فضائل وکمالات معروف ومشہور ہیں ذیل کا فقرہ بدر میں آپ ہی نے ارشاد فرمایا ہے جس کے حرف حرف سے شہامت وبسالت نمودار ہوتی ہے۔ واللہ یا رسول اللہ ما نقول لک کما قالت بنو اسرائیل موسیٰ اذھب انت وربک فقاتلا انا ھاھنا قاعدون ولکن نقاتل عن یمینک وعن شمالک ومن امامک ومن خلفک۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیثیں روایت کی ہیں۔ حضرت علی، انس بن مالک، عبید اللہ بن عدی وغیرہ جیسے مقتدایان علم وفضل آپ سے روایت کرتے ہیں۔ زر بن حبیش نے عبد اللہ بن مسعودؓ سے روایت کی ہے کہ سب سے پہلے اسلام کا اظہار سات شخصوں نے کیا۔ اُن میں سے ایک حضرت مقدادؓ بھی ہیں۔ آپکے مناقب بہت ہیں آپ ان مخصوص صحابہ سے ہیں جنکی محبت والفت پر دیگر صحابہ مامور تھے، مدینہ منورہ سے تین میل فاصلہ پر مقام جرف میں عمر کی ستر منزلیں طے کرنے کے بعد ۳۳ھ میں وفات پائی۔

نضلہؓ بن عبید السلمی، کنیت ابو برزہ۔ قدیم الاسلام ہیں، فتح مکہ میں شریک تھے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صدیق اکبرؓ سے حدیث روایت کرتے ہیں۔ مغیرہ، ابو المنہال ریاحی، ابو عثمان نہدی، حسن بصری وغیرہ اکابر آپسے حدیث روایت کرتے ہیں۔ امام بخاری کا بیان ہے کہ نضلہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کیساتھ سات غزوات کئے۔ عبد الملک بن مروان کے عہد خلافت میں تقریباً ۶۰ھ میں وفات ہوئی، حافظ بن عبد اللہ نے تاریخ وفات ایام یزید بن معاویہ لکھا ہے۔

مسطحؓ بن اثاثہ۔ قرشی مطلبی ہیں۔ مسطح لقب ہے۔ اسم گرامی عوف ہے۔ کنیت ابو عباد، بدر میں شریک ہوئے۔ استیعاب میں آپکی والدہ سلمیٰ بنت صخر بن عامر کو صدیق اکبرؓ کی خالہ زاد ہمشیر لکھا ہے۔ مگر بخاری جلد ثانی سے معلوم ہوتا ہے کہ سلمیٰ صدیق اکبرؓ کی خالہ تھیں۔ مسطح نے افک عائشہؓ میں حصہ لیا اسلئے حد قذف لگائی گئی۔ صدیق اکبرؓ نے بوجہ قرابت اور غربت کچھ روزینے مقرر کر دیئے تھے معاملہ افک کیوجہ سے آپنے مقررہ وظیفہ بند کر دیا تھا اور قسم کھائی تھی کہ آئندہ کبھی کوئی خرچ مسطح کو نہ دونگا۔ اسپر یہ آیت نازل ہوئی لا یاتل اولو الفضل منکم غفور رحیم۔ صدیق اکبرؓ نے فرمایا میں اللہ تعالیٰ کی مغفرت کو محبوب رکھتا ہوں، چنانچہ سابق وظیفہ بحال فرمایا۔ ۵۶ سال کی عمر میں ۳۴ھ میں وفات پائی۔ بعض اہل سیر کا بیان ہے کہ جنگ صفین میں حضرت علیؓ کے ہمراہ شریک تھے۔ اور وفات ۳۷ھ میں ہوئی۔

مسعودؓ ابن الربیع القاری، کنیت ابو عمیر۔ قدیم الاسلام ہیں دار ارقم میں داخل ہونے سے قبل مکہ میں

مشرف باسلام ہوئے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عبید بن تیہان سے آپکا بھائی چارہ کرا دیا تھا، بدر میں شریک تھے۔ ابو معشر اور امام واقدی کا بیان ہے کہ کچھ اوپر ساٹھ سال کی عمر میں ۳۰ھ میں وفات پائی

معاویہؓ ابن الحکم السلمی۔ آپ سے صرف ایک حدیث کہانت بدشگونی وغیرہ کی مذمت میں مرفوعاً مروی ہے، حافظ ابن حجر عسقلانی نے یحییٰ ابن کثیر سے دوسری حدیثیں بھی تخریج کی ہیں۔ کثیر، عطاء بن یسار، ابو سلمہ بن عبد الرحمن وغیرہ کاملین آپ سے احادیث بیان کرتے ہیں۔

معاذؓ بن الحارث الانصاری، طبری نے آپکی کنیت ابو الحارث لکھی ہے مگر مشہور ابو حلیمہ ہے خندق میں شریک تھے۔ حضرت فاروقِ اعظم نے آپکو صلوٰۃ تراویح کا امام مقرر کیا تھا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، ابو بکر، عمر، فاروق، عثمان غنی رضی اللہ عنہم اجمعین سے روایت کرتے ہیں۔ نافع مولی ابن عمر عمران بن ابی انس، سعید مقبری وغیرہ اجلہ تابعین آپ سے حدیث روایت کرتے ہیں ۶۹ سال کی عمر پاکر واقعہ حرہ ۶۳ھ میں شہید ہوئے۔

ابو رزینؓ، نام لقیط۔ سلسلۂ نسب یہ ہے لقیط بن عامر بن بن عبد اللہ بن منتفق بن عامر بن عقیل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیثیں روایت کی ہیں۔ عاصم بن لقیط وکیع بن عدس، عبد اللہ بن عیاض وغیرہ علماء عظام نے آپ سے احادیث روایت کی ہیں الذی یمایا بین یدی اخیه وھو یصلی متعمداً یتمنیٰ یوم القیامة لوکان شجرۃ یابسة مرفوعاً آپ سے مروی ہے۔

کعبؓ بن عمرو، کنیت ابو الیسیر، بدری ہیں۔ ۲۰ سال کی عمر میں عقبہ بدر میں شریک ہوئے جنگِ بدر میں آپ ہی نے حضرتِ عباس کو قید کیا تھا۔ صفین میں حضرت علی کیساتھ تھے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث روایت کرتے ہیں۔ آپکے صاحبزادے عمار اور عبادہ بن ولید، عمر بن الحکم۔ ربعی بن حراش وغیرہ کاملین آپ سے روایت کرتے ہیں۔ بدری صحابہ میں سب سے پیچھے ۲۰ اکہتریس سال کی عمر میں ۵۵ھ میں وفات پائی تہذیب التہذیب اور تقریب التہذیب دونوں میں آپکی عمر ایک صد سے زائد بتائی گئی ہے، مگر میری سمجھ میں نہیں آتا کہ جب عقبہ اور بدر میں ۲۰ سال کی عمر تھی تو اسقدر زمانہ وفات کے وقت کسطرح زائد ہوگیا۔ علمہ اتم۔

(باقی آئندہ)

تاریخ اسلام

تاریخ اسلام کا عبرت آموز درس

"احسان و وفا کا نظارہ حمیت اور مصیبت کی ایک مثال"

از خامۂ استاذ العلماء سید نا حضرت مولانا الحاج العلامۃ الحافظ محمد اعزاز علی صاحب امروہوی شیخ الفقہ والادب دار العلوم دیو بند

مدینہ کی اصلی اور قدیمی آبادی اوس اور خزرج دو خاندانوں پر منقسم تھی مگر یہ دونوں خاندان پشتہا پشت سے ایکدوسرے کے دشمن تھے، اس کہنے میں کچھ زیادہ مبالغہ نہیں ہے کہ یہ دونوں خاندان شب و روز جنگ میں اور اپنے مخالف کو تباہ کر دینے کی فکر میں مصروف رہا کرتے تھے ان کی باہمی آویزش کی تھوڑی سی جھلک علامہ شیخ زادہ کے ان الفاظ میں ملتی ہے

کان بین الاوس والخزرج عداوۃ قدیمۃ یحاربون بسببہا تارات ولا یخلون عن المقاتلات وتخریب الدیار واھلاک المواشی واسر بعضھم بعضا واجلاء الغالب المغلوب عن اوطانھم	[illegible]	اوس اور خزرج کے دونوں خاندانوں میں زمانۂ قدیم سے جنگ جاری تھی جسکی وجہ سے بسا اوقات خونریزیاں ہوتی تھیں، آبادیاں ویران کیجاتی تھیں جانور ہلاک کئے جاتے تھے ایک جماعت دوسری جماعت کے لوگوں کو قید کرتی تھی نیز یہ کہ غالب اور فتحمند جماعت مغلوب اور مفتوح

مدینہ منورہ میں ایک جماعت ایسی بھی تھی جو مدینہ منورہ کی قدیمی جماعت نہ سمجھی جاتی تھی بلکہ یہ لوگ ملک شام وغیرہ کے آئے ہوئے یہودی تھے جو کئی پشتوں سے مدینہ ہی میں رہنے لگے تھے۔

اس جماعت کے بھی دو حصے تھے۔ ایک کا نام بنو نضیر دوسرے خاندان کا نام بنو قریظہ تھا، یہ دونوں جماعتیں باہم شیر و شکر تھیں، مدینہ کے اصلی باشندے اوس اور خزرج یا باہمی جنگ میں مصروف رہتے تھے یا جنگ کی تیاری میں۔ اسلئے جنگ کا زمانہ تو قتال کا زمانہ تھا ہی۔ التوائے جنگ کے زمانہ میں بھی وہ اسلحہ جنگ کی

کی فراہمی اور فوج کی زیادتی میں جان توڑ کوششیں کرتے تھے۔

قبیلہ اوس کے چند ہوشیار لوگوں نے مشورہ کیا کہ اگر ہم یہود کو اپنے ساتھ ملالیں تو ہماری قوت میں پورا اضافہ ہوجائیگا۔ اس مشورہ کی تمام اہل عقل نے تصویب کی مگر بعض نے یہ بھی کہدیا کہ یہود میں بعض اہل الرائے بھی ہیں، ایسا نہ ہو کہ سبکو ساتھ ملانے کی کوشش میں سمجھدار لوگ یہ کہکر علیحدہ ہوجاویں کہ تم لوگوں کی باہمی خاندانی جنگ میں ہم کیوں شرکت کریں اسلئے اولاً بنی قریظہ کو اپنے ساتھ ملاؤ اُنکی شرکت کے بعد بنونضیر خود ہی شریک ہوجاویں گے۔ اور اگر خود شریک نہ ہوئے تو ہم ان کو سمجھاکر شریک کرلیں گے یہ تجویز پسند کی گئی اور قبیلہ اوس نے بنو قریظہ پر ڈورے ڈالنے شروع کئے اور خلاف توقع بنو قریظہ بہت ہی آسانی کیساتھ اپنے دوسرے ساتھیوں (بنونضیر) کے مشورہ کے بغیر قبیلہ اوس کے معاون ہوگئے۔

قبیلہ خزرج کو یہ خبر پہنچی تو انکو یقین ہوگیا کہ قبیلہ اوس کی قوت اب اسقدر بڑھ گئی کہ اگر ہم نے اسکے مقابلہ میں بنونضیر کو اپنے ساتھ نہ ملالیا تو یقیناً ہم ہمیشہ شکست پر شکست کھایا کریں گے اور اسکا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ یا تو قبیلہ اوس کے ماتحت ہوکر رہنا ہوگا کہ وہ جو چاہیں کریں ہم برداشت کریں اور یا مدینہ چھوڑ کر کسی دوسری جگہ کو آباد کرنا ہوگا۔

قبیلہ اوس ابھی اس خوشی ہی میں مشغول تھا کہ ہماری قوت بڑھ گئی اور اس خوشی میں اچانک اُنکی توجہ بنونضیر کیطرف ہونے بھی نہ پائی تھی کہ قبیلہ خزرج نے بنونضیر کو اپنی چکنی چپڑی باتوں سے اپنے ساتھ ملالیا، اس صورت سے گویا دونوں خاندانوں کی قوت پھر مساوی ہوگئی

قوت کی اس مساوات کے بعد فتح و شکست کسی ایک خاندان کی میراث نہ رہی۔ جسطرح عام طریقہ پر دو مساوی قوتیں جنگ کرتی ہیں اور کبھی یہ غالب ہوجاتی ہے وہ مغلوب ہوجاتی ہے اور کبھی وہ غالب اور یہ مغلوب ہوجاتی ہے، یہی طریقہ یہاں بھی جاری رہا۔ بنو قریظہ اور بنونضیر اپنے اپنے معاہدوں کے پابند تھے۔ اور باوجودیکہ اُن کے آپس میں اتحاد بھی تھا۔ لیکن جنگ کرتے تو بنو قریظہ قبیلہ اوس کا اور بنونضیر قبیلہ خزرج کا ساتھ دیتے تھے۔

شکست ہو یا فتح بسا اوقات بنو قریظہ کے بعض جنگجو سپاہیوں کو فریق مخالف قید کرلیتا تھا، اور اسی طرح بنونضیر کے سپاہی قبیلہ اوس کی حراست میں آجاتے تھے۔ یہاں تک تو وعدے کی پابندی تھی، جنگ سے فارغ ہونے کے بعد اتحاد باہمی کی رعایت سے بنو قریظہ تاوان جنگ اداکرکے بنونضیر کو آزاد

کراتے تھے، اور اسی طرح بنو نضیر بھی فدیہ دیکر بنو قریظہ کو رہائی دلاتے تھے - اس صورت سے معاہدہ کی پابندی بھی ہوگئی اور اخوت و قرابت کی مراعات بھی - ؎

رات کو بادہ کشی صبح کو توبہ کرلی   رند کے رند رہے ہاتھ سے جنت نہ گئی

اسی طرز کو وصف ممدوح قرار دیکر ایک جاہلی شاعر کہتا ہے -

حین نقتلکم علیکم   ونقتلکم کانا لا یبالی

ہم جب تمہیں مار چکتے ہیں تو روتے ہیں -   اور تمہیں قتل اسطرح کرتے ہیں کہ گویا کچھ پرواہی نہیں

قبیلہ اوس و بنو قریظہ اور قبیلہ خزرج و بنو نضیر کی اس پارٹی بندی پر زیادہ عرصہ نہیں گذرا کہ جنگ بعاث جو زمانۂ جاہلیت کی مشہور جنگ ہے پیش آگئی - قبیلہ اوس نے کچھ ایسی پامردی اور ثابت قدمی کیساتھ جم کر جنگ کی کہ ہزار ضبط و کوشش کے باوجود خزرجی لوگوں کے قدم اُکھڑ گئے - اور انہیں کیساتھ بنو نضیر بھی میدان چھوڑ کر بھاگے -

ثابت بن قیس جو قبیلہ خزرج کے ایک فرد تھے گرفتار تھے اور بنو قریظہ کے ایک بوڑھے رئیس، زبیر بن بطا کے حصہ میں آئے - زبیر یہودی تھا، بوڑھا تھا مگر ساتھ ہی ساتھ فطری طور پر رحم دل تھا - ثابت کی نوجوانی پر رحم آیا نہ قتل کیا نہ غلام بنایا نہ تاوان جنگ کے طور پر مال یا فدیہ لیا، بطور نشانی کے سر کے سامنے کے بال کاٹ کر چھوڑ دیا اور ثابت پھر اپنے خاندان میں آگئے -

جس زمانہ کا ذکر ہم اس وقت کرنا چاہتے ہیں یہ وہ زمانہ ہے کہ فخر عالم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے آبائی وطن (مکہ مکرمہ) کو چھوڑ کر مدینہ منورہ تشریف لے آئے ہیں اور اگر ایکطرف انصار نے آپ کی خاطر داری مدارات اور حفاظت، جاں نثاری میں نہ جانوں کی پرواہ کی ہے نہ مال کی تو دوسری طرف یہودیوں کی جماعت بھی ہے جو ہر وقت اس فکر میں ہے کہ کسی طرح کوئی ایسی صورت نکلے کہ مدینہ منورہ میں ایک بچہ بھی اسلام کا نام لیوا نہ رہے -

یہ صحیح ہے کہ اہل مکہ نے مٹھی بھر مسلمانوں کے ستانے میں کوئی دقیقہ بھی باقی نہ رکھا، مگر وہ لوگ پھر بھی شریف الطبع تھے، اذیتیں پہنچاتے تھے، استہزاء کرتے تھے خونریزی کیلئے بھی آمادہ تھے، یہ سب کچھ تھا اور بہت زیادہ تھا حد سے زائد تکلیف دہ تھا لیکن جو کچھ تھا طشت از بام تھا، کھلم کھلا تھا، دشمن تھے مگر کھلے طریقہ پر تھے، اذیتیں پہنچاتے، تکلیفیں دیتے تھے مگر ضعفاء اسلام کو پہلے سے معلوم تھا کہ ان لوگوں کی

ہم کو تکلیف پہنچے گی، دھوکا نہ تھا، خداع نہ تھا، چالبازی، سیاسی حرامکاری کی آمیزش اور آویزش سے معاملات پاک و صاف تھے"۔

مدینہ کے یہود مسلمانوں کے مقابلہ میں اپنی طاقت وقوت کا صحیح اندازہ کرچکے تھے اسلئے وہ کھلے طریقہ پر مسلمانوں کو اور مسلمانوں کے آقا کو نقصان پہنچانے کی سعی نہ کرسکتے تھے اور چونکہ طبیعت انسانی کمالات سے عاری تھی اسلئے اندرونی سازشوں، دسیسہ کاریوں کے ناپاک حربوں سے کام لیتے تھے، اور اپنی اس دناءت میں اسدرجہ پر پہنچ گئے تھے کہ نہ انکا کوئی قول قابل اعتبار رہا تھا نہ فعل، نہ اُن کے عہد پر اعتماد تھا نہ اُنکی قسم کا اعتبار۔

اگر چشم بصیرت سے ہمارے زمانہ کے دوستوں کو دیکھا ہوگا تو تم نے ایسے بہت سے احباب دیکھے ہونگے کہ جب وہ سامنے آتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ ہماری دوستی میں محبت ومودت میں از سر تا قدم ڈوبے ہوئے ہیں لیکن اگر انکے ان بہتانات واقوال کو سنو جو تمہارے پیچھے تمہارے اوپر ہوتے ہیں، ان حرکات خبیثہ کو دیکھو جو تمہاری تحقیر وتذلیل کیلئے کرتے ہیں تو یقیناً انگشت بدنداں ہوجاؤ اور تعجب کرو کہ آیا یہ وہی زبانیں ہیں جو تمہارے سامنے صرف دھوکا دینے کی غرض سے خوشامدانہ اور ابلیسانہ طریقہ پر تمکو کمالات انسانیہ کا جامع کہتے اور اسپر قسمیں کھاکر تمکو اپنے عقیدہ کا یقین دلاتے تھے یا یہ تمہارے وہ دشمن ہیں جن کے قلوب تمہاری عداوت میں نعل در آتش ہیں۔

میں کہتا ہوں مجھ کو کہنے کی اجازت دیجئے "کہ اس قسم کے بہام صفت انسان مذکورہ بالا یہودیوں کی روحانی اولاد ہیں اور مجھ کو تعجب ہے کہ خود ان کے قلوب اُنکی زبانوں پر ملامت نہیں کرتے۔

مگر افسوس کہ یہ نفاق، یہ دورخی پالیسی، لسان اور خیال کا یہ اختلاف آجکل عیب نہیں بلکہ ایک وصف ممدوح بن گیا ہے۔ اسپر فخر کیا جاتا ہے اور دوسروں سے مدح کی اُمید کی جاتی ہے ع

محوِ حیرت ہوں کہ دنیا کیا سے کیا ہوجائے گی

(باقی آئندہ انشاء اللہ)

از محمد میاں، رکن ادارہ

صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

خلافت سے پیشتر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی خدمات

اسلام صراط مستقیم پر ایثار اور جد وجہد کا دوسرا نام ہے مومن کے متعلق حضرت حق جل مجدہ کا ارشاد ہے

ان اللہ اشتری من المومنین انفسھم	اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں سے اُنکی جانیں
واموالھم بان لھم الجنۃ۔	اور ان کے مال جنت کے عوض میں خرید لئے
یقاتلون فی سبیل اللہ فیقتلون و	ہیں یہ لوگ اللہ کے راستہ میں جہاد کرتے ہیں
یُقتلون۔	مارتے ہیں اور مارے بھی جاتے ہیں۔

اسلام نے قسمیں دے دے کر چار چیزوں کا مطالبہ ایک ساتھ کیا ہے اور اُن کے بغیر انسان کو خائب اور خاسر قرار دیا ہے یعنی۔ ایمان[۱]، عمل نیک[۲]۔ تعلیم[۳] صداقت، اور تعلیم استقامت،

والعصر ان الانسان لفی خسر۔ الا	[illegible]	قسم ہے عصر کی بیشک تمام ہی انسان نقصان
الذین آمنوا وعملوا الصالحات وتواصوا		میں ہیں مگر وہ جو، ایمان لائے، نیک کام کئے
بالحق وتواصوا بالصبر۔		اور آپس میں وصیت کی سچے دین کی اور ایکدوسرے کو

اسلام نے ملتِ اسلامیہ کے ظہور کی غرض ہی نوع انسان کی خیرخواہی قومی اور بین الاقوامی اصلاح قرار دی ہے اور اسی بنا پر اس امت کو خیر الامم بتایا ہے۔ ارشاد ہے۔

کنتم خیر امۃ اخرجت للناس۔	کوئی بھی ایسی جماعت جو نوع انسان کے فائدہ کیلئے پیدا کیگئی ہو تم اُن سب سے بہتر ہو
تامرون بالمعروف وتنھون عن	اچھی باتوں کا حکم کرتے ہوئے، بُری باتوں سے روکتے ہو۔ اللہ
المنکر وتومنون باللہ	پر ایمان لاتے ہو[۱]

---

[۱] اس آیت میں چند باتیں خاص طور پر قابل لحاظ ہیں (۱) تبلیغ کو لفظ حکم اور نہی سے تعبیر کیا گیا ہے جو ذی اقتدار جماعت کا شیوہ ہے جس سے واضح طور پر یہی ایما ہوتا ہے کہ (الف) صاحب اقتدار یعنی حکم کا مالک ہونا اس جماعت کا اولین (بقیہ صفحہ ۳۰ پر دیکھیے)

صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی فطری اور طبعی صلاحیت ابن دغنہ کے اس قول سے ثابت ہوئی جو بروایت بخاری شریف پہلے تفصیل کیساتھ گذرا۔ چنانچہ اسلام لاتے ہی آپ ایمانِ کامل کی تصویر اور اسلامِ مکمل کا پیکر بن گئے اور اگرچہ ابھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو عام اور علانیہ دعوت و تبلیغ کا حکم نہ ہوا تھا، مگر صدیق اکبر رضی اللہ عنہ خفیہ طور پر تبلیغ، اصلاح، تبادلۂ خیالات اور رفعِ شکوک میں مصروف ہو گئے، جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ تھوڑے ہی عرصہ میں وہ سب حضرات مشرف باسلام ہو گئے جنکو قرآن پاک میں السابقون الاوّلون کہا گیا ہے۔ سیدنا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ۔ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ، حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ، حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ، حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ جیسے حضرات اسی خفیہ تبلیغ سے حلقہ بگوشِ اسلام ہو گئے وہ حضرات ہیں جنکو دنیا ہی میں مغفرت اور جنت کی بشارت دی گئی، اور یہی وہ حضرات ہیں جن کی جد و جہد پر ملت اسلام کی مستحکم تعمیر قائم کی گئی۔ (اصابہ صفحہ ۱۰۲ جلد ۴)

اسلام کے معنی ہیں سپرد کردن، گردن نہادن، سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اس مفہوم کی عملی تصویر تھے جان و مال کو خدا کے ہاتھ بیچدینا اور تن، من، دھن، غرض ہر چیز کو بیچ دینا، عز و جاہ، راحت و آرام کو قربان کر دینا، ہر موقعہ پر جان کو ہتھیلی پر رکھکر آگے بڑھنا اور دولت و ثروت کو بے دردی سے نچھاور کرنا، ان تمام قربانیوں کے پیکر کا نام تاریخ اسلام نے صدیق اکبر رکھا ہے۔

رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا۔

مالاحدٍ عندنا من ید الا وقد کافیناہ ما خلا ابا بکر فان لہ عندنا یداً یکافیہ اللہ بہا یوم القیامۃ وما نفعنی مال احدٍ قط ما نفعنی مال ابی بکر۔ (ترمذی شریف)	جسکا بھی ہمپر احسان تھا ہم اسکا بدلہ دے چکے مگر ابوبکر اسکا ہم پر وہ احسان ہے کہ اسکا بدلہ قیامت کے روز پروردگار ہی دیگا، مجھے کسی کے مال نے کبھی اتنا فائدہ نہیں پہنچایا جتنا ابوبکر کے مال نے۔

بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۹۔

فرض ہے (ب) حاکم ہونے کے بعد عیش پرستی حرام ہے۔ خیر خواہی، نفع رسانی اور اصلاح خلق اولین فرض ہے (۲) اُمت کی شان بیان کرتے ہوئے ایمان کا وصف بعد میں ذکر کیا گیا جس سے اُمتِ اسلامیہ کے قومی اور اجتماعی فریضہ کی اہمیت پر روشنی پڑتی ہے۔ ۱۲

کیا دنیا اپنی پوری تاریخ میں کسی نبی کا ایسا کوئی صدیق پیش کر سکتی ہے ؟

جس وقت آپ مسلمان ہوئے آپکے پاس چالیس ہزار درہم تھے ۔ آپنے یہ تمام دولت اشاعتِ اسلام اور مسلمانوں کی خدمت اور اُن غلاموں کی رہائی پر صرف کر دی جنکو اس جرم میں عذاب دیا جاتا تھا کہ وہ مسلمان کیوں ہو گئے ۔ ہجرت کے وقت آپکے پاس پانچ ہزار درہم باقی تھے جو آپنے اپنے ہمراہ لے لئے اور اہل و عیال کو خدا کے نام پر چھوڑا ۔ وفات کے وقت آپ کے پاس ایک درہم بھی نہ تھا ۔[1]

ایثار مالی کی قرآنی تصدیق !!

بلال اور صدیق رضی اللہ عنہما

قریش کی پر شوکت مجلس میں اُمیہ بن خلف جاہ و جلال سے رونق افروز ہے ۔ ایک شخص دوڑتا ہوا آیا، آواز گھبرائی ہوئی ۔ کچھ خبر ہے ؟ (گھبرا کے کہا ۔)

امیہ ۔ کیا بات ۔

آپ کو اپنے غلام، بلال کی بھی خبر ہے، محمد کے پاس کبھی دوپہر کو کبھی رات کو چھپ چھپ کر جاتا ہے ۔ مجھے آج خیال پیدا ہوا ۔ صورت دیکھتے ہی یقین کر لیا ۔ کہ اس پر محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے جادو کا اثر ہو گیا ہے وہ بھی اُسی رو میں بہہ گیا، وہ بھی انہیں میں جا ملا جو ہمارے دیوتاؤں کو بُرا کہتے ہیں ۔

اُمیہ ۔ کیا سچ مچ، کوئی ثبوت ۔

وہ شخص ۔ ہاں ہاں ! اسی لئے تو میں دوڑا ہوا آیا ہوں، آپ تو جیسے کچھ نہیں تو یہ آپکے ہاتھ سے جاتا رہیگا ۔ شہر فارس میں تو یہ مرض پھیلنے ہی لگا ہے، غلاموں میں یہ وبا پھیلی تو غلام بھی ہاتھ سے جاتے رہینگے ، رسوائی بھی ہوگی، محمد کی طاقت بڑھیگی

اُمیہ اُٹھا، گھر میں گیا، غصہ سے دانت پیس رہا تھا، سزا کی صورتیں سوچ رہا تھا ۔ بلال رضؓ کو بلایا گیا، اُمیہ کا منہ چڑھا ہوا تھا، ماتھے میں سلوٹیں پڑی ہوئی تھیں چہرہ غصہ سے سُرخ آنکھیں نیلی نیلی ۔ بلال رضؓ نے دیکھا دل دہل گیا، کانپتے ہوئے سامنے آئے

اُمیہ ۔ یہ کیا سُن رہا ہوں، تمہارے متعلق یہ کیا خبریں اُڑ رہی ہیں، سنا گیا ہے چھپ چھپ کے محمدؐ کے پاس جاتے ہو، تم کسی کی دری میں آ گئے ۔ کیوں ؟ اسکی طرح تم بھی گمراہ ہو گئے ، بہک گئے ، کمبخت لات و عزیٰ سے پھر گیا ، قریش اور عرب کے معبودوں کو چھوڑ دیا ۔ بدنصیب ! ۔ بلال ۔ میرے اسلام کے متعلق جو آپنے سنا ... صحیح ہے ، میں صاف کہتا ہوں دربارِ رسالت میں حاضر ہوتا ہوں ، ہاشمی رسول پر ایمان لے آیا ، اسکی دعوت کی تصدیق کی مجھے اسکی کوئی پرواہ نہیں کہ یہ

سیاسیات مسلم

اسلام اور زمینداری

از مولانا سید قاسم علی صاحب - امام شہر مراد آباد

(گذشتہ سے پیوستہ)

ہر مسلمان کو اسقدر علم ضرور ہے کہ از روئے قرآن و عقل اور قوانین اسلام کے ماتحت زمین پر مالکانہ قبضہ ہو سکتا ہے اور مالک ہر فائدہ اُٹھانے کا مستحق ہے، پھر یہ حقِ مالکانہ بذریعہ ہبہ بیع خرید داد یا تو جاسکتا ہے، لیکن غصب اور چھینا نہیں جاسکتا، قبضہ مخالفانہ و قبضہ کاشتکارانہ اس حق کو زائل نہیں کر سکتا اور نہ جائز وارث شرعی ہوئے بغیر کوئی ولی وارث ہو سکتا ہے۔ لہٰذا تفصیلات میں جائے بغیر آج مجھے یہ کہنا ہے کہ طول و عرض ہند میں جو قانون قبضہ آراضیات یعنی زمینداری نظام کا الغا ایکٹ کی صورت میں بن رہا ہے، یا مستقبل قریب میں بننے والا ہے۔ وہ اسلام و شریعت اسلام کی کونسی ہدایات ہیں جن کی روسے یہ قانون مسلمانوں پر عائد کیا جائیگا اور مسلم زمیندار و مسلم کاشتکار کے واسطے کونسی اسلامی دفعہ کی اجازت میں یہ بل مرتب و پاس کیا جاسکتا ہے؟

کیا مسلمان کسی ایسے ضابطہ و دستور کو قبول کر سکتا ہے جسمیں اسلامی اصول و حقوق کی بالیقین نمایاں تخریب ہو؟

اس بل کے وہ نمبر جسمیں کھلے لفظوں یا ایر پھیر کے جملوں کے ذریعہ مالکانہ حیثیت کو ختم اور زمینداری و تملیک زمین کو فنا کرنے کی روح پیدا کی جارہی ہے تو وہ کیا سنت اللہ و سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و عمل صحابہ و رائے ائمہ اور تعامل مسلمانانِ دنیا و اہل تقویٰ کے خلاف نہیں ہے -؟

نیز اس بل کی وہ دفعات جسمیں پہلے سے کہیں زیادہ ناجائز موروثیت کو مزید ناجائز استحکام بخشا جارہا ہے یا بخشنے کی کوشش کی گئی ہے، قانونِ اسلام کے تحت میں کیا ایسا کیا جاسکتا ہے؟

پھر وہ مدات جسمیں کاشتکار کو بغیر کسی حق کے تنہا ولی وارث بنانے کی سعیٔ بلیغ کی گئی ہے تو کیا اس

قسم کے مدات اسلام کی موافقت و اجازت میں ہیں؟ یا عریاں طور پر مخالفت میں؟

پھر جبکہ خلاف ہیں اور واقعۃً خلاف ہیں تو اس مردود الشرع بل کی مسلم وزراء و ممبران کسطرح اور کس حق سے پیش و پاس و تائید کرنیکے مجاز ہو سکتے ہیں؟ درآنحالیکہ وہ مسلم جماعت کے منتخب شدہ نمائندہ ہیں، میں بلا کسی خوف لومۃ لائم اور بغیر کسی تردد کے کہنا چاہتا ہوں مسلم گروپ اسمبلی و مرکزی اسمبلی میں ان جیسے خلاف شریعت مسودات و بلوں کی اعانت و حمایت نہیں کر سکتا۔

اسی ضمن میں تمام احترام کو ملحوظ رکھتے ہوئے تمامی علماء ربانی سے یہ بھی صاف کر لینا ہے کہ اس وقت تک ان جیسے خرافات کی موجودگی میں خاموشی کیوں ہے؟ رگِ ناموسِ شریعت کیوں نہیں حرکت میں آتی؟

کیا نکاح، طلاق، خلع اور وراثت ہی کا نام اسلام ہے اور بس؟ کیا اس بل کی زد قرآن و حدیث پر نہیں پڑیگی؟ سرکار نبوت علیہ السلام، اہل بیت ذوی الاحترام اور کثیر تعداد دولتمند اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر و ائمہ صالحین رضی اللہ عنہ پر کیا اثر انداز نہ ہوگی؟

کیا یہ ایکٹ احادیثی ابواب اور فقہی موشگافیوں کو نکما و ناکارہ نہیں بنا دیگی؟

میں اگر غلط سمجھا ہوں تو مجھے بتلایا جائے، سمجھایا جائے، بالیقین اس قانون کا وہی رنگ اصلی ہے جو میں نے پیش کیا ہے، یہی تاثرات ہیں جو بیان کئے گئے ہیں۔ لہذا بے وقت کی خاموشیاں یا مصالح کی آڑ لیکر اس قسم کے اغماض، نتائج میں بدسے بدتر ثابت ہونگے۔ اللّٰھم احفظنا من شرور اھل الدنیا و من شرور انفسنا۔

موجودہ بل جس حد تک پہنچگیا ہے اگر وہ بعینہٖ یا جزوی ترمیم کیساتھ یا معمولی رد و بدل میں پاس ہو کر ایکٹ بنگیا۔ اور طول و عرض ہند میں یا ہندوستان کے کسی حصہ میں نافذ کر دیا گیا جیسے کہ قوی امکانات ہیں تو مجھے ارباب کانگریس اور خداوندان آزادی کی خدمت میں کراچی و ہری پور کے طویل و عریض ولچسپ اور بے نقط بلند دعاوی کی موجودگی میں حق پہنچتا ہے کہ ڈکٹیٹران کانگریس سے معلوم کروں کہ کسی کے مذہب کی حفاظت، کسی کے شرعی حیثیت کی نگہداشت اور کسی ملت کے پرسنل لاء کی محافظت کیا ان ہی جیسے مخرب حیات قوانین سے کی جائے گی۔ منہ بولی اکثریت کے تسلی و تشفی بخش مواعید و چکنے چپڑے اعلانات کیا عمدہ و لامثال تفسیر یہی مسودات ہیں؟

ہند کی تمام اقلیتوں کو بالخصوص سب سے بڑی مسلم اقلیت کو کیا ان ناروا ایکٹوں کے ذریعہ کوئی صحیح اطمینان دلایا جا سکتا ہے؟

مسلم منارٹی اور مذہب کے شیدائیوں کیلئے کیا ان جیسے مسودات میں تحفظ کی کوئی ادنیٰ جھلک نظر آسکتی ہے - ؟ پھر میں اپنے حضرات سے مزید معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ آیا واقعی اس قماش کا قانون ضوابط شرعیہ کا نگہبان ہو سکتا ہے؟ پرسنل لاء کا محافظ و علمبردار بن سکتا ہے؟

کیا گھریلو حکومت کی یہ روباہ فریبیاں اب بھی ملت اسلامیہ کیلئے صداقت آمیز حقائق ہیں - اور ضمانت وار دی، پی ہیں -؟

کیا اسلام کش، دہریت نواز موجودہ حکومت کانگریسی جمہوریت پر اب بھی مسلمان نعوذ باللہ ربانی حکومت جیسا اعتماد کریں - اور اس حکومت کو اپنی حکومت سمجھیں -؟

کیا معاملات کو صاف اور راہ کو متعین کئے بغیر ہونیوالی جمہورت کے یوں ہی فدائی ہو جائیں ؟ غلط شبیہ کو صحیح تصور سمجھ کر نثار و قربان ہو جائیں -؟ کیا مبتلائے آزادی اپنے ہاتھوں اپنی موت پر دستخط کر دیں؟ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک تسامح ہے، ڈھول ہے، کھلی ہوئی بھول ہے - یا سنگین جرم کا بدترین ارتکاب ہے جسکا ہمیں یقیناً جواب دینا ہوگا اور ضرور دینا ہوگا، پھر بات بنائے نہ بنیگی، اور مصیبت کاٹے نہ کٹے گی - ساردا ایکٹ کی تو اسلئے مخالفت کیگئی کہ اسکی زد قوانین شرعیہ پر پڑتی تھی اور بخط مستقیم اصلاح بیکراں کے مالک صلی اللہ علیہ وسلم کے فعل مستحسن پر اثر انداز ہوتی تھی، لیکن آج ہادی دین متین روحی فداہ سے لیکر تمام رہبران ملت، صدیقین، صالحین، اور عامۃ المسلمین جبکہ اسکی رو میں ہر چھوٹا بڑا بہا جارہا ہے تو ہم کھڑے تماشہ ہی دیکھ رہے ہیں -

زمین خیبر، باغ فدک، زمینداری ذوالنورینؓ، جائداد حضرت ابن عمرؓ، املاک حضرت ابن عباسؓ اراضیات محمد ابن ابی بکرؓ کثیر تعداد مالدار صحابہ رضی اللہ عنہم جنکی فہرست احادیث کے اوراق میں تاریخ کے دفتر میں آج بھی موجود ہے کیا اسکی زد سے بچ رہے ہیں؟

(باقی آئندہ)

مُسلمانوں کی سیاسی دُنیا

از مولٰنا محمد اطہر صاحب کٹکی

یہ تو ہر کوئی جانتا ہے کہ دنیا میں اس قوم اور ملک کی کوئی پوچھ نہیں ہوتی جسکے ہاتھ میں سیاسی اختیارات نہ ہوں، جسکی بدولت وہ اپنے ملک اور اپنی قوم اور مذہب کو زندہ رکھ سکے جب سے زمانہ نے حکومت کرنے اور قانون بنانے کا طریقہ سیکھا ہے اسوقت سے لیکر آجتک کی تاریخ میں کوئی ایسی مثال نہیں ملتی جسکی بنا پر یہ کہا جائے کہ قوموں کی زندگی کا انحصار دوسرں کی غلامی پر ہو - دُنیا جسقدر متمدن اور ترقی یافتہ بنتی گئی، اسی قدر اسکے اندر حکومت اور اختیارات کا جذبہ بھی ترقی کرتا گیا - اور اسی قدر قانون میں بھی جدت اور ترقی ہوتی گئی -

ایک زمانہ وہ تھا کہ حکومت کا لفظ بھی دُنیا والوں کو معلوم نہ تھا، پھر ایک زمانہ ایسا آیا کہ حکومت اور بادشاہی کے سامنے دُنیا والوں نے سرِ تسلیم خم کردیا، سرِ تسلیم خم ہی نہیں کیا بلکہ حاکم اور بادشاہ کو سجدہ کرنا اپنے لئے مذہبی اور سیاسی نجات کا باعث سمجھا۔ غرضکہ دنیا مختلف اُدوار سے گذر کر آج اسمبلی اور کونسلوں کی دنیا میں قدم رکھا، کل جو دنیا ملوکیت اور شاہنشاہیت کے سامنے سجدہ ریز تھی آج اسکو حقارت اور ملامت کی نگاہ سے دیکھتی ہے، یہ ہی نہیں بلکہ اسکو صفحۂ ہستی سے مٹا کر رکھ دینے کو باعثِ نجات تصور کرتی ہے -

بہر نوع طرقِ حکومت چاہے کسی ڈھب اور کسی عنوان کا ہو شخصی ہو یا جمہوری، اشتراکی ہو یا انار کی حکومت بہر حال حکومت ہے، جس ملک کے باشندے اپنے ملک کی عنانِ حکومت سنبھالے ہوئے ہیں آج وہ دُنیا میں زندہ ہیں اور زندہ رہ سکتے ہیں - آج تو وہ قومیں جو برسرِ حکومت ہیں اسقدر لالچی اور حریص ہوگئی ہیں کہ اپنے حدودِ مملکت کو زیادہ وسیع کرنے کیلئے انسانی خون سے ہُولی کھیلنے میں خوشی محسوس کرتی ہیں - جو لوگ موجودہ دُنیا کے سیاسی رجحان سے ذرہ برابر بھی معلومات

رکھتے ہیں اُنکو یہ معلوم ہو گا کہ اسوقت دُنیا میں کتنی ایسی طاقتیں پیدا ہوگئی ہیں جنکی وجہ سے دُنیا کا امن وامان خطرہ میں پڑ گیا ہے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ لالچی طاقتیں حکومت کے نشہ میں چُور ہو کر مظلوم انسانوں کی تکا بوٹی کر کے چیل کوؤں کے حوالے کر دیں گی، ان حریصوں کا اڈا آجکل یورپ بنا ہوا ہے کسقدر ظلم ہے کہ ابھی جنگِ عمومی کی تھکی ہاری دُنیا کا اضمحلال دور بھی نہیں ہونے پایا ہے کہ پھر ایک قیامت خیز جنگ کی طرف گھسیٹ گھسیٹ کر لا یا جارہا ہے۔ مگر نہیں، اسدن کو آنا تھا اور ہے اسلئے کہ جنگِ عمومی کے ہارے ہوئے چین سے نہیں بیٹھ سکتے تھے، اب وہ اپنی شکست کو فتح سے حاصل کریں گے، برطانیہ اور فرانس جو جنگِ عظیم کے بعد سے لیکر اسوقت تک سید السیاست بنے پھرتے رہے تھے کل انکی سیادت کی پگڑی کو اُتار کر بحرِ روم اور نہرِ سوئز میں غرق کر دیا جائے گا۔

آج برطانیہ کھسیانی بلی بنا ہوا ہے، اب اسکی آواز میں وہ شان وتحکم باقی نہیں ہے جو آج سے چند دن پہلے تھی، چند دن پہلے کیا بلکہ جبدن سے اُسے یہ معلوم ہوا کہ ابی سینیا پر اٹلی نے قبضہ کر لیا بس اُسی دن سے برطانیہ کے طوطے اُڑ گئے، کبھی آپ یہ سمجھتے ہوں کہ یہ حواس باختگی نہیں بلکہ رنج اور صدمہ ہے۔ اس لئے کہ مظلوم حبشی باشندے اٹلی کی زنجیرِ غلامی میں جکڑ دیئے گئے، نہیں، نہیں بلکہ میں جو عرض کر رہا ہوں وہ واقعی حواس باختگی ہی ہے، اسلئے کہ لے دے کے ایک دوسرا رقیب بحرِ روم اور نہرِ سوئز کا پیدا ہو گیا، یہاں تک تو یہ ایک خطرے ہی خطرے کی بات تھی مگر چند ہی دن کے بعد اس خبر سے تو برطانوی ایوان پر لرزہ پیدا ہو گیا کہ اٹلی کا جوڑ جرمن سے لگ گیا، سولینی اور ہٹلر میں برادرانہ تعلقات پیدا ہو گئے، لیجئے نہرِ سوئز کے قدیمی دشمن سے جدید دشمن کا پیوند لگ گیا، آپ دیکھتے رہئے چند ہی دنوں میں آپکو یہ خبر ملیگی کہ برطانیہ اور فرانس کیلئے ایک تیسرے رقیب کا ورود اجلال ہوا ہے جو آج ہسپانیہ کا باغی فرینکو کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔

نہرِ سوئز اور بحرِ روم

بحرِ روم اور نہرِ سوئز آجکل یورپ کی تمام جلادی طاقتوں کا اکھاڑہ بنے ہوئے ہیں۔ میں تو یہ کہونگا کہ جو ایک عرصہ تک اسلامی سیاست کا مرکز بنا رہا آج وہ یورپ کے درندہ صفت انسانوں کی زور آزمائی کا مرکز بنا ہوا ہے۔ اٹلی، جرمن، فرانس اور برطانیہ ان کے ضمن میں انکی اور حلیف حکومتیں پیہم سعی اور کوششوں میں لگی ہوئی ہیں اور سمجھتے ہیں کہ دُنیا میں اسی کی حکومت وسیع ترین حکومت کہلائی جا سکتی ہے جس کے قبضہ میں نہرِ سوئز اور بحرِ روم ہو

جن لوگوں کے ہاتھوں میں انکا اختیار رہا اور ہے وہ بڑی متمدن اور ترقی یافتہ حکومتیں کہلاتی ہیں۔ جنگ عمومی کے بعد فرانس اور برطانیہ کے اتحاد سے سوئز پر جو قبضہ اور اختیار ہوا تھا آج اٹلی اور جرمن کی طاقتیں ملکر انکا خاتمہ کردینے پر تلی ہوئی ہیں۔ اٹلی نے جب سے ابی سینیا پر قبضہ کیا ہے اسوقت سے اسکے لئے یہ ضروری ہوگیا ہے کہ وہ سوئز پر اپنا قبضہ اور تسلط جمائے رکھے۔

جرمن اسکے ذریعہ اپنے افریقی نوآبادیات کو واپس لینے کی دھمکی دے رہا ہے اور کوئی تعجب نہیں کہ افریقی نوآبادیات کے واپسی کے سلسلہ میں جرمنی اور اٹلی کا کوئی معاہدہ ہوگیا ہو جیسا کہ پہلی جنگ میں فرانس اور برطانیہ نے معاہدہ کے ذریعہ آپس میں تقسیم کرلیا تھا۔ اس معاہدہ کے ذریعہ تقسیم یوں ہوئی تھی کہ الجیریا اور ٹیونس فرانس کے قبضہ و اختیار میں دیدیا گیا اور برطانیہ کے حوالے مصر اور فلسطین کردیا گیا یہ وہ علاقے ہیں جو سوئز اور بحر روم کے ساحلی علاقے کہلاتے ہیں۔ ان ممالک پر فرانس اور برطانیہ کا قبضہ اسی صورت میں رہ سکتا ہے کہ جب سوئز اور بحر روم پر انہی کا تسلط باقی رہے، اور اسی وقت تک برطانیہ فلسطین کی اور فرانس الجیریا اور ٹیونس کی جذبۂ آزادی کو کچلتا رہے۔

مصر میں برطانیہ

دُنیا جانتی ہے کہ دوسری حکومتوں کو درگذر کرنے کے بعد جو نقصان برطانی شہنشاہیت سے مسلمانوں کی سیاسی اور مذہبی دُنیا کو پہنچا، اتنا کسی اور کو نہیں پہنچا۔ آج مصر آپکے سامنے موجود ہے ویسے تو آپکو یہ معلوم ہوگا کہ مصر آزاد ہوگیا ہے مگر نہیں میں تو یقین کیساتھ کہونگا کہ آج بھی مصر پر برطانوی اثر و اقتدار وہی ہے جو پہلے تھا۔ بلکہ اور زیادہ اسکو مصری سیاسیات میں دخل ہوگیا ہے اسلئے کہ جو جماعت مصر کی آزادی کیلئے قربانیاں کرچکی تھی وہی کچھ عرصہ تک برسرِ حکومت رہی۔

برطانیہ کو ہمیشہ اس جماعت سے خطرہ رہا اور وہ وفدی جماعت جس کے رہنما نحاس پاشا ہیں وہ ہمیشہ برطانوی عزائم کے آڑے آتے رہے، وہ آزادی کے علم بردار تھے اور ہر ممکن طریقہ سے مصر سے برطانوی اثر و اقتدار کو ختم کردینا چاہتے تھے، برطانیہ ایسے دشمن کو (جو سعد زاغلول کا تربیت یافتہ، جسکو سعد کے بعد قربانیوں کے صلہ میں مصری رہنمائی کا شرف حاصل ہوا تھا) کب اچھی نظر سے دیکھ سکتا تھا برطانیہ اس تاک میں ہر وہ پروپیگنڈے کا طریقہ اختیار کرتا رہا جس سے نحاس کی رہنمائی کو صدمہ پہنچے اور نحاس اور اُن کے ساتھیوں پر سے عوام کا اعتماد اُٹھ جائے۔ اس کے علاوہ نحاس پاشا کی وزارت

کے اندرونی معاملات میں گھس کر شاہ فاروق والیٔ مصر اور نحاس پاشا وزیر اعظم مصر کو آپسمیں ٹکرا دیا ادھر حکومت مصر کی اندرونی معاملات اثر و رسوخ اور ادھر باہر عوام میں وفدی لیڈروں کے خلاف ذلیل ترین پروپیگنڈا نتیجہ یہ ہوا کہ وزارت مصر کے استعفوں کے بعد انتخاب میں وفدی جماعت ناکامیاب ہو گئی، ان کی جگہ نیلی پوشوں کی جماعت جسکے لیڈر محمود پاشا ہیں انہوں نے لی۔ تب برطانیہ کا وہ کھٹکتا ہوا خار نحاس ہٹ گیا، اُنکی جگہ محمود پاشا جو برطانیہ کیلیئے آئندہ جنگ میں ایک بہترین حلیف ہوگا برطانیہ کو ملگیا۔

شاہ فاروق کی خلافت

برطانیہ مصر کی اندرونی سیاست پر مکمل طور پر مطمئن ہو جانے کے بعد مصر ہی میں بیٹھ کر مسلمانانِ عالم کی توجہ کو تمام اور ضروری باتوں کیطرف سے ہٹا کر مصر کیطرف مبذول کر دینا چاہتا ہے، اسلئے کہ مصر ایک اسلامی ملک ہے، اور دُنیا کے تمام مسلمانوں کو مصر کے تقدس پر اعتماد ہے، مصر ایک اسلامی علم کا مرکز ہے وہاں سے جو آواز اُٹھیگی وہ مسلمانانِ عالم کیلئے توجہ کے قابل ہو گی۔ اور اسکے ذریعہ سے برطانیہ کے سامراجی اغراض کے پورا کرنے میں بڑی امداد ملیگی، ابھی ابھی آپنے سنا ہوگا اور اس خبر کو سنکر آپکی خوشی اور مسرت کی کوئی انتہا نہیں رہی ہو گی کہ جامعہ ازہر کے علماء نے ایک ایسا نیک قدم اُٹھایا ہے جسکی بدولت مسلمانانِ عالم اعتصموا بحبل اللّٰہ جمیعًا ولا تفرقوا کے مصداق کہلانے کے مستحق ہونگے بلاشبہ یہ عزم نہایت مبارک اور مسعود عزم ہے، اس سے مسلمانانِ عالم کی یکجہتی اور اتحاد بین المسلمین میں روح پرور فضا پیدا ہو جائے گی۔ دُنیا کے بسنے والے مسلمانوں میں ایک مستحکم برادرانہ روح پیدا ہو جائے گی۔

ظاہر ہے کہ کون ایسا بدبخت مسلمان ہو گا جو اس اہم ضرورت کا منکر ہو گا اور اس عزمِ مسعود کی طرف لبیک نہ کہے گا مگر بات یہ ہے کہ کیا ہم ایک اہم مقصد کے حصول میں کامیاب ہو جائیں گے، اگر کامیابی ہو بھی گئی تو اسکا اثر مسلمانان عالم پر کیا پڑیگا۔ مسئلہ بہت ہی اہم ہے، اس میدان میں سمجھ بوجھ کر قدم رکھنا چاہئے کہ کہیں اسکے اندر کوئی مخفی راز تو نہیں ہے، ان الفاظ سے کوئی یہ نہ سمجھ بیٹھے کہ میرا مقصد علماء مصر کی نیتوں پر حملہ کرنا ہے نہیں بلکہ علماء مصر کے تقدس اور نیک نیتی اور سادگی کا اعتراف کرتے ہوئے یہ کہنا پڑیگا ؎

"کوئی معشوق ہے اس پردۂ زنگاری میں"

یورپ کے ماحول کا تذکرہ ابھی کر آیا ہوں اسکو اس مسئلہ سے گہرا تعلق ہے مصر کے اندر برطانیہ اپنے اثر و رسوخ کا جال بچھا رہا ہے، مسلمانانِ عالم کی توجہ کو خلافتِ اسلامیہ کیطرف متوجہ کر کے اپنی مخالف قوتوں کو یہ بتانا چاہتا ہے کہ اگر نہر سوئز کیطرف نظر اُٹھا کر دیکھا تو یادرکھو ۴۵ کروڑ مسلمانوں کی طاقت میری پشت پر ہے، ا

جگہ سے ذرہ برابر بھی تم نے حرکت کی تو کشتوں کے پشتے لگ جائیں گے۔ یہ دعویٰ کیوں ہوگا اسلئے کہ محمود پاشا کی وزارت کے دوران میں برطانیہ کے اشارہ ابروے شاہ فاروق کو یہ اعزاز ملا ہے جس اعزاز کے دلوانے میں برطانیہ کا ہاتھ ہو اُسے برطانیہ کا استحصال مفاد بھی ظاہر اور باہر ہے۔ جب شاہ مصر اور وزارتِ مصر پر برطانیہ کا یہ احسان ہوگا تو لازمی طور پر آئندہ جنگ میں خلیفۃ المسلمین کے اس فرمان کو کسکی مجال ہے جو ٹال دے وہ فرمان کیا ہوگا، یہی کہ دُنیا کے مسلمانوں کی طاقت کو سمیٹ کر برطانیہ کا حلیف بنا دیا جاویگا۔ جسکی بدولت نہر سوئز پر برطانیہ کا ہمیشہ کیلئے اقتدار قائم رہیگا اور جنگِ عظیم کے بعد سے جن نوآبادیات پر برطانیہ کا قبضہ ہوگیا ہے وہ بحالہ قائم رہیگا۔ اور سب سے بڑا مقصد یہ ہے کہ ہندوستان کی تحریک آزادی کا سر آسانی سے کچلا جاسکے گا۔

شاہزادی فوزیہ کی شادی

اسکے علاوہ شاہزادی فوزیہ اور ولیعہد ایران کی شادی کے متعلق آپکو علم ہوگا عنقریب ہونیوالی ہے مسلمانوں کیلئے یہ کتنی بڑی خوشی کی بات ہے کہ دو مسلمان حکمرانوں کے تعلقات ایک مستحکم بنیادوں پر قائم ہو گئے، آئندہ چلکر دونوں حکمرانوں سے یہ توقع ہوسکتی ہے کہ انکی متحدہ طاقتیں کسی خاص اسلامی خدمت کو سرانجام دیں گی مگر اُف کیا یہ اُمیدیں بارآور ہوسکتی ہیں میں تو یہ کہونگا کہ ان اُمیدوں کا بارآور اور سرسبز ہونا ناممکن اور محال ہے مجھے تو یہ معلوم ہوتا ہے اور نہیں کہا جاسکتا کہ مستقبل کے دامن میں کیا چیز مخفی ہے مگر قرائن اور علامات سے نتائج کا اخذ کرنا خلاف دیانت نہیں۔

اب سوچیے کہ مصر کے موجودہ حالات کا اندازہ جو ابھی آپنے کیا ہے اسے اور اس رشتہ سے کیا نتیجہ برآمد ہوگا یا ہوتا ہے یہ کہ ایران مصری سیاست کے اثرات سے محفوظ نہیں رہ سکتا برطانیہ کا مصری تعلقات کی بناپر ایران در برطانیہ میں ایک سیاسی پیکٹ اور معاہدے کے قوی امکانات ہیں۔ اور اس معاہدہ کے ذریعہ برطانیہ کو ہندوستان میں اپنی طاقت کے جمانے کیلئے موقعہ بھی ملیگا۔ مزید براں ایک بڑی آسانی یہ کہ خشکی کا ایک بہترین اور پُرامن راستہ مل جائیگا۔

افغانی اور وزیری

یہاں تک آپنے دیکھا کہ ایران تک برطانیہ نہایت امن و سکون سے آگیا، اب آگے کا کانٹا کیسے ہٹایا جائے۔ سُن لیجئے ابھی کچھ دن گذرے ہیں کہ آپنے سنا ہی ہوگا کہ افغانستان کا تختہ اُلٹنے کیلئے موسومہ شامی پیر قبائلی علاقے کا دورہ کر رہا ہے، غرضکہ مختصر طور پر آپنے

[illegible]

سُنا ہوگا کہ حکومتِ ہند نے اسکو گرفتار کر کے دہلی اور کراچی ہوتے ہوئے اسکو اسکے وطن تک پہنچایا۔ بہر نوع آپ دیکھ چکے ہیں کہ اخبارات کے کالم اس خبر سے بھرپور رہے اور حکومتِ ہند کے شملہ سے آئی ہوئی رپورٹیں بھی آپ کی نظروں سے گذری ہونگی اور اخباری چہ میگوئیاں بھی آپکے مطالعہ سے گذری ہونگی، کسی نے کہا کہ یہ شامی پیر پیر کرم شاہ جیسا کرنل لارنس تو نہیں تھا جس نے امان اللہ خاں کی حکومت کا تختہ الٹا تھا، بہرحال اس سلسلہ میں یہ رائے قائم کرنیکی کوئی وجہ نہیں کہ سرفروش وزیری قبائلی علاقوں کو برطانیہ کے اثر و اقتدار سے پاک رکھنا چاہتے ہیں اُن کا یہ جذبہ برطانیہ کیلئے خالی از خطر نہیں، برطانیہ تو یہ چاہتا ہے کہ ہندوستان میں اپنے اثر کو قائم رکھنے کیلئے اسکو یہ بڑی راستہ پُر امن رہے لیکن وزیریوں کا یہ ارادہ برطانیہ کیلئے ایک خطرناک رکاوٹ ہے جسکی بنا پر آج وزیری اور قبائلی۔ علاقوں پر آزادانہ گولہ باری ہو رہی ہے تاکہ یہ کانٹا برطانی عزائم کے راستہ میں حائل نہ رہے۔

یہ کہنا کچھ مشکل نہیں کہ اب سالہا سال کی گولہ باری، جبر و تشدد کے بعد بھی برطانیہ کا یہ عزم کچھ نتیجہ خیز ثابت نہیں ہوا تو ایک شخص کو پیرانہ لبادہ پہنا کر وہاں بھیجا گیا تاکہ قبائلی علاقے کی توجہ کو افغانستان کی طرف مبذول کرادے، پھر بعد میں بڑی خالہ (برطانیہ) کو مجبوراً مداخلت کرنی پڑے افغانستان سے معاہدہ کر کے وزیریوں کے جذبۂ آزادی کو کچلنے کیلئے ایک جائز صورت نکل آئے۔

بظاہر اس قسم کے اظہارِ خیال سے بعض لوگ یہ کہیں گے کہ اس قسم کے خیالات اور شبہات کو جگہ دینا چنداں بہتر نہیں۔ میں تو یہ عرض کرونگا کہ ہم اس قسم کے قرائن سے اخذ نتیجہ پر مجبور ہیں میں پوچھتا ہوں کہ ایک ایسے اجنبی شخص کو جو برطانوی ہند سے ہوکر گذرا ہو اسکی کیوں کڑی نگرانی نہیں کیگئی اور اسکو قبائلی علاقوں میں جانے کی کیوں اجازت دی گئی اور اسپر کسی قسم کی کوئی پابندی عائد کیوں نہ کیگئی۔ کیا اس سلسلہ میں حکومت ذمہ دار نہیں؟

خیر اب خدا کا شکر ہے کہ شامی پیر کا خرخشہ تو مٹ ہی گیا، مگر اسکا کسی کے پاس جواب ہے کہ اب تک مظلوم قبائلی پٹھانوں پر جو آگ اور خون کی بارش ہو رہی ہے اسکا مقصد کیا ہے، مقصد ظاہر ہے اور دُنیا جانتی ہے کہ ہندوستان کی غلامی کو اور مستحکم کرنے کیلئے سیکڑوں مظلوم انسانوں کا خون پانی کی طرح بہایا جا رہا ہے۔ اور اس عظیم مقصد کو حاصل کرنے کیلئے خشکی کا راستہ ہموار کیا جا رہا ہے

ہندوستان کا مسلمان کہ یہ تمام باتیں جو میں نے اسوقت تک عرض کی ہیں اس سے یہ بات

اسلام اور آئین حکومت

از مولینا سید محمد میاں صاحب

نظام حکومت کے اغراض و مقاصد

(ماخوذ از حجۃ اللہ البالغہ مصنفہ سیدنا حضرت شاہ ولی اللہ صاحب قدس اللہ سرہ العزیز)

گزشتہ تحریر میں چار حیثیتیں ذکر کی گئیں تھیں۔ جن کو ارتفاق سے تعبیر کیا گیا تھا۔ انکی اجمالی ترتیب حسب ذیل ہے

ارتفاق اول۔ وہ فطری اور پیدائشی ضرورتیں جو انسانوں کو ایک جماعت سے متعلق ہوتی ہیں۔ خواہ وہ کتنی ہی پست حالت میں کیوں نہ ہوں

ارتفاق ثانی۔ وہ ضرورتیں جو شہروں اور قصبات کے رہنے والوں کو پیش آتی ہیں۔ جنکو فطری ضرورتوں کی پہلی ترقی کہنا چاہئے۔ یعنی آداب معیشت۔ خانگی نظم و نسق۔ برادری کے تعلقات۔ اقارب و اعزا کے حقوق وغیرہ۔

ارتفاق ثالث۔ ایک شہر یا ملک کی مختلف برادریوں اور مختلف پیشہ وروں کے مشترک اغراض۔ باہمی معاملات۔ اور تحفظات وغیرہ۔

ارتفاق رابع۔ مختلف ملکوں کے بین الاقوامی تعلقات

ذیل میں ہر ایک ارتفاق کے متعلق کسی قدر تفصیل درج ہے۔ ملاحظہ فرمائیے۔ واللہ المعین (محمد میاں عفی عنہ)

ارتفاق اوّل

حضرت شاہ صاحب فرماتے ہیں۔ مندرجہ ذیل امور اس ارتفاق میں داخل ہیں:۔

(الف) لغت۔ یعنی زبان

(ب) کھیتی۔ درخت لگانا۔ کنویں کھودنا۔ کھانا اور سالن پکانے کے طریقے

(ج) برتن اور مشکیزے وغیرہ بنانے

(د) مویشی کو قابو میں رکھنا۔ اُن کی فراہمی اور افزایش۔ تاکہ اُن کی کمر۔ گوشت۔ کھال۔ اون۔ دودھ اور اُن کے بچوں سے انسان اپنی ضروریات زندگی میں مدد حاصل کرلے

(ہ) مکان جو گرمی اور سردی سے بچائے۔ وہ غار ہوں یا چھپر وغیرہ۔

(و) لباس جو انسان کے لئے ایسا ہی فطری اور ضروری ہو جیسے پرندوں کے لئے پر - جو کھال یا درخت کے پتوں چھال وغیرہ سے بنایا جائے۔

(ز) فطرت نے ہدایت کی کہ اپنے لئے منکوحہ کو معین کرے جس میں اسکا کوئی مزاحم نہ ہو تاکہ وہ اپنی نسلی خواہش کے تقاضے کو پورا کرکے نسل کو بڑھا سکے - اور ضروریات خانگی نیز اولاد کی پرورش اور تربیت میں مدد حاصل کر سکے۔

(ح) فطرت نے اس کو ایسی صنعتوں کی طرف رہنمائی فرمائی جن کے بدون وہ کھیتی باڑی - درخت لگانے - کنویں کھودنے - اور جانوروں کو مسخر کر لینے کی ضرورتوں کو پورا نہیں کر سکتا - مثلاً پھاوڑا - کدال - ڈول - ہل - رسی وغیرہ بنانا۔

(ط) فطرت کی ایک اور ہدایت ہوئی کہ آپس میں لین دین اور مبادلہ کرے - اور ایک دوسرے کی مدد کرے۔

(ی) کوئی ایک شخص جو رائے میں صائب تر اور قوت میں بڑھا ہوا ہو - اپنے ابناء جنس کو قابو میں رکھے اُن کا سردار ہو - اور اُن سے محاصل وصول کرے - خواہ کسی صورت سے ہو۔

(ک) ایک قانون مقررہ ہو جس کے ذریعہ سے باہمی نزاعات کا تصفیہ کیا جا سکے - ظالم کو سزا دی جا سکے دشمن کے حملہ کو رد کیا جا سکے۔

(ل) جماعت کے لئے یہ بھی فطری طور پر ضروری ہے کہ کچھ ایسے لوگ ہوں جو حسب ضرورت مفید لائحہ عمل (پروگرام) اور تدابیر سوچتے رہیں - تاکہ دوسرے لوگ اُن کی پیروی کرکے ترقی کے مدارج طے کرتے رہیں۔

(م) یہ بھی فطری اور بیدائشی بات ہے کہ جماعت میں کچھ ایسے افراد بھی ہوتے ہیں - جو حسن وجمال خوش خلقی خوش پوشاکی اور راحت وآرام کے دلدادہ ہوں - کچھ ایسے ہوتے ہیں جو اپنی شجاعت - سخاوت - فصاحت وبلاغت - زیرکی اور دانائی پر ناز کرتے ہیں۔

کچھ ایسے بھی ہوتے ہیں جو وجاہت - شہرت - عزت اور نام آوری کے حریص ہوتے ہیں۔

(چونکہ مندرجہ بالا امور نوع انسانی کی ہر ایک جماعت میں پائے جاتے ہیں - کوئی طبقہ اور کوئی جماعت

لہ اس سے اُن احمقوں کی تردید کی بہترین دلیل اخذ کی جا سکتی ہے - جو انسان کے لباس کو غیر فطری قرار دیتے ہیں - گویا اگر نباتات کے لئے پتے - حیوانات کے لئے بال یا پر فطری ہیں تو انسان کے لئے لباس ایک فطری چیز ہے جو اُسکو اُس کی عقل کے واسطہ سے دیا گیا - حضرت انسان کی عریانی اس کی دلیل ہے۔

بھی ان منافع اور ارتفاقات سے عاری نہیں۔ تو اس لئے قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے اِن ہی امور پر اپنے احسان کا اظہار فرمایا ہے۔ کیونکہ قرآنی تعلیم تمام انسانوں کے لئے عام ہے۔ اور وہ سب کو مساوی طور پر ایک قانون کے نیچے لانا چاہتی ہے تو لامحالہ ضروری ہوا کہ خداوندی احسانات کے شمار کراتے وقت ایسے ہی احسانات کو بیان کیا جائے جو تمام نوع انسان کے لئے عام ہوں۔ ارتفاق اول کے متعلق حضرت شاہ صاحب کے بیان کے مطالعہ کے بعد اُن حقوق پر مکرر نظر ڈالئے جس کا پہلے ذکر ہو چکا ہے۔ یعنی

(۱) روٹی کا مسئلہ۔ ملاحظہ ہو دفعہ (ب)

(۲) حفاظت جان و مال۔ ملاحظہ ہو دفعہ (ک) تفصیلات آئندہ۔

(۳) عدل و انصاف۔ ملاحظہ ہو دفعہ (ک) تفصیلات آئندہ

(۴) مذہبی حفاظت۔ (ان کا ذکر بعد میں آئے گا۔ انشاء اللہ)

(۵) تہذیب و زبان کا مسئلہ۔ ملاحظہ ہو دفعہ (الف) اور باقی بعد میں آئے گا۔

(۶) تعلیم۔ ملاحظہ ہو دفعہ (ل)

(۷) حقوق ملازمت (آئندہ)

(۸) مساوات یعنی شہری حقوق کی یکسانیت۔ ملاحظہ ہو دفعہ (ک و ل) باقی آئندہ

(۹) حقوق ملکیت میں آزادی۔ ملاحظہ ہو دفعہ اب تا دفعہ ز اور دفعہ ک)

(۱۰) سیاسیات۔ یعنی وضع قانون کا حق عام باشندگان ملک کے لئے ہونا۔ اسکی تفصیل انشاء اللہ آئندہ آئیگی

فلسفۂ ایمان

از مولینا سید محمد میاں صاحب رکن ادارہ "قائد"

کیا مذہب فطری جذبہ ہے؟

مجلسِ سوم

خلیل نے دوسرے طرز پر غور و فکر کی فرمائش کی۔ اُس نے کہا۔

انسان اس تمام کائنات پر جو اس کے سامنے ہے نظر ڈالے۔ ہر ایک چیز کا کوئی فائدہ اُس کی سمجھ میں آئے گا۔ اور لطف یہ ہے کہ وہ محسوس کرے گا کہ وہ چیز انسان کے لئے پیدا کی گئی ہے۔ لیکن جب وہ اپنی ذات پر غور کرے گا تو وہ سارے عالم کے لئے بیکار پائے گا۔ حالانکہ سب سے زیادہ منافع عالم سے بہرہ اندوز وہی ہے۔ سمندر کے مد و جزر نے اس کے لئے موتی۔ مونگا۔ جر جہرہ۔ نمک وغیرہ کنارے پر پہنچائے۔ سطح سمندر پر طوفان اُٹھا تو مان سون بن کر آسمان کی طرف اُڑا۔ جو ہواؤں کی خنکی سے بادل بنا۔ بادل اُس کے باغوں اور کھیتوں پر آ کر برسے۔ پہاڑوں کی چوٹیوں پر برف برسا اور جما جس کے دلکش آبشاروں سے سیکڑوں ندیاں بہہ کر حضرت انسان کے جاہ و جلال کے سامنے زمین بوس ہونے لگیں۔ اور پھر آبپاشی کے ذریعہ سے خود کو اس کے باغات اور چمنستانوں پر قربان کرنے لگیں۔

رات کی گھٹا ٹوپ اندھیری افق مشرق سے کھسکی۔ نور کا تڑکا نمودار ہوا۔ انسان کے رگ و پے میں تازگی کی لہر دوڑ گئی۔ چہرہ بشاش دل مسرور اور کیف و نشاط سے مخمور ہو گیا

تھوڑی دیر بعد آفتاب کا یہ بلند ترین اور دور باش کرہ جانب مشرق سے روشنی کی کرنیں لے کر آیا۔ ظلمت کو دور کیا۔ اور ہشاش بشاش تازہ دم انسان کے کاروبار کے لئے منور میدان مہیا کر دیا۔ اُس کی حرارت کی برقی رو نے انسان کے لئے غذا تیار کی۔ مسموم جراثیم کو ہلاک کر کے سینیٹری انسپکٹر کا کام انجام دیا جب حضرت انسان نکلنے لگے تو ایک نیا پردہ سامنے آیا۔ نور کی جگہ ظلمت نے لی۔ ایک تاریک چادر فضاء عالم پر تان کر انسان کے لئے راحت کدہ۔ خوابگاہ تیار کر دیا۔ آمد و رفت بند کر دی۔ تاکہ وہ اطمینان سے دن کا تھکان دور کرے۔ اور وہ تمام فائدے حاصل کرے جو رات کی عشرت اندوز تاریکی میں اُس کے لئے ممکن ہو سکتی ہیں۔

فضاء آسمانی کی کائنات کو چھوڑ کر زمین کو دیکھو وہ اُس کے لئے ایک خزانہ ہے جس میں اُس کی بہتر سے بہتر خوراک اور عمدہ سے عمدہ پوشاک پُر کر دی گئی ہے

اُس کے اوپر پیدا ہونے والی تمام چیزیں۔ رینگنے اور چلنے والے تمام جانور یا اس کی غذا ہیں یا دوا۔ یا خادم۔ صفائی کرنے والے ناپاک جراثیم کو ختم کر دینے والے یا باربردار یا اس کی عیش و عشرت پر خود کو قربان کر دینے والے۔

ہر حال تمام کائنات اس کے لئے مسخر ہے۔ وہ سمندروں کی سطح پر جہاز چلائے۔ جنگی بیڑے قائم کرے پہاڑوں کی شاداب چوٹیوں پر کوٹھیاں بنائے۔ اُس کے جگر سے ہیرے۔ جواہر اور لعل بدخشاں نکالے۔ دامن کوہ کے تمام جنگلات کو کاٹ کاٹ کر تعمیری اور زیبائشی خواہشات پوری کرے۔ فضاء آسمانی میں ہوائی جہاز اڑائے۔ اگر ممکن ہو جائے تو مریخ پر چڑھے۔ زحل اور مشتری یا جس کوکب سے چاہے تعلق قائم کرے۔

آفتاب کی کرنوں کو سمیٹے۔ ندیوں سے آبپاشی کرے۔ پانی اور آگ سے اسٹیم بنا کے بجلی بنائے۔ زمین کے مخزن سے سونا چاندی نکالے۔ اس کی پشت پر رہنے والے جس جانور کو چاہے شکار کرے۔ کوئی اُس کو روکنے والا نہیں۔ یہ سب کچھ اس کا حق مانا جاتا ہے۔ کوئی نہیں جو اس پر اعتراض کر سکے۔ اس کے باوجود رہنے کے لئے پررونق شہر۔ آباد قصبے اور دیہات عالی شان عمارتیں۔ پہننے کے لئے بہترین لباس چلنے کے لئے عمدہ ترین سواریاں۔ حالانکہ انسان کے سوا ساری مخلوقات ان چیزوں سے محروم۔

بلاشبہہ جب وہ خود اپنی ذات پر اور اپنے ماحول پر غور کرے گا تو ایک صحیح جذبہ۔ صحیح تفکر اُس کو حیران کر دے گا۔ وہ پریشان ہو کر پوچھے گا کہ اے آسمانو۔ اے اونچے اونچے فلک بوس پہاڑو۔ مجھکو بتاؤ۔ اے طوفان بپا سمندرو۔ مدوجزر کے محشر بداماں دریاؤ۔ اے پہاڑوں سے ٹکرانے والی لہرو۔ خبر دو۔ اے نیر شنگرف۔ اے ماہ تاباں۔ اے امن کی دھیمی دھیمی نشاط پرور کرنو۔ اے لہلہاتے ہوئے مرغزارو۔ اے سبک رفتار ندیو۔ اے فضائے آسمانی میں پرے باندھ کر اُڑنے والے پرندو۔ دامن آب میں پیرنے والی مچھلیو۔ اے زمین کی پشت پر رینگنے۔ دوڑنے اور پھرنے والے جانورو۔ بتاؤ۔ بتاؤ۔ کس نے تم سب کو میرا خادم بنا دیا۔ کس نے تم کو میرے لئے مسخر کر دیا۔ ہاں ہاں ضرور کوئی فاطر ہستی ہے۔ مگر وہ مجھ سے کیا چاہتا ہے۔ میں کیوں پیدا کیا گیا۔ مجھے کہاں جانا ہے۔ تم سب برہنہ ہو۔

خانہ بدوش۔ بے سروسامان۔ مگر ہیں دولت بداماں۔ سرمایہ کا مالک۔ عمران سے بہرہ اندوز۔ آبادیوں پر قابض۔ لباس۔ پوشاک۔ زیورات سے مزین۔ آخر یہ کیوں؟

ضرور کوئی مقصد ہے۔ میری پیدائش عبث نہیں۔ بیشک مجھے کہیں جانا ہے۔

بہرحال فطرت سلیمہ کے یہ صحیح تفکرات اس کو حیران کردیں گے۔ بلاشبہ وہ بے چین ہوگا بہت زیادہ مضطرب ہوگا۔ وہ اضطراب اور بے چینی میں بار بار دریافت کرے گا کہ وہ کیوں پیدا ہوا۔ اس کو کیا کرنا ہے۔ کہاں جانا ہے۔ اس اضطراب اور پریشانی میں جو تخیل اُس کی امداد کرے اور اس کے اضطراب کو سکون سے بدلے۔ وہی مذہب ہے۔

اب آپ ہی فرمایئے کہ کیا مذہب فطرت سلیمہ کا ایک صحیح جذبہ نہیں؟ جو عقل سلیم کے خود اپنی ہستی اور اپنے ماحول میں غور کرنے کے وقت طبعی طور پر پیدا ہوتا ہے؟

بقیہ صفحہ ۱۲ ۔کی بے پایاں نعمت آپکے لئے مخصوص ہوکر رہجائے چنانچہ اس شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین نے خدائے عزوجل کے تمام نیک بندوں کے لئے عام کردیا۔ فرشتوں نے یہ عجیب و غریب ماجرا دیکھا تو فرط استعجاب سے پکار اُٹھے

اشھد ان لا الٰہ الا اللّٰہ و اشھد ان محمدا عبدہ و رسولہ

اس آداب و سلام کے بعد جو وحی الٰہی نازل ہوئی اس کی تفصیل مشکل ہے۔ ہمیں یہی بتایا گیا ہے کہ

فاوحیٰ الیٰ عبدہٖ ما اوحیٰ۔ اپنے بندے پر جو وحی چاہی نازل فرمائی۔

نماز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ اسی موقعہ پر نمازیں فرض کی گئیں۔ ابتداءً پچاس نمازیں فرض کی گئیں۔ سیدالانبیاء صلے اللہ علیہ وسلم پیکر تسلیم و رضا اور مجسمہ حمد و ثنا ر کے لئے نمازوں کی زیادتی محبوب ترین دولت تھی۔ آپکا ارشاد ہے قرۃ عینی فی الصلوٰۃ۔ میری آنکھ کی ٹھنڈک نماز ہے۔ آپ اس عطیہ خداوندی کو لیکر واپس ہوئے۔ مقام موسیٰ علیہ السلام تک پہنچے۔ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا" میں نے ملاء اسفل کے لوگوں کو آزمایا ہے۔ پچاس نمازیں ان پر شاق ہوں گی۔ انکی پابندی نہ کرسکیں گے۔ تخفیف کرایئے" حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حق جل مجدہٗ کی بارگاہ کی طرف رجوع کیا۔ پانچ نمازیں کم کردی گئیں لیکن حضرت موسیٰ علیہ السلام نے مکرر اصرار کیا کہ یہ بھی زیادہ ہیں اور تخفیف کی التجا کیجئے۔ بہرحال اسی طرح بار بار عرض معروض ہوتی رہی حقیقت محمدیہ پر رضا و تسلیم کا غلبہ تھا۔ حقیقت موسویہ کے سامنے ملاء اسفل کی ناپاس طبیعت کا نقشہ تھا۔ اسی طرح عرض معروض اور اصرار بر اصرار۔ اور پھر التجا و استدعا کا نتیجہ یہ ہوا کہ پچاس کے بجائے صرف پانچ نمازیں عطا ہوئیں۔ اور اعلان فرمادیا گیا" تمہاری امت کے لئے پانچ کا ثواب پچاس کی برابر ہوگا۔ میری بارگاہ میں جو قول ہوچکتا ہے وہ بدلتا نہیں۔ اور میں بندوں کے حق میں ظالم بھی نہیں۔

ہاں حقیقت محمدیہ کی سراسر تسلیم و رضا کا نہایت مبارک نتیجہ یہ ظاہر ہوا کہ دوسرا اعلان ہوا:۔

الحسنۃ بعشرۃ امثالھا ہر ایک نیکی کا ثواب دس گنا ہوگا۔

نماز کی شان بہرحال یہ وہ مقدس فریضہ ہے جو بطور عطیہ اور انعام اس مخصوص ملاقات میں مخصوص انداز سے دیا گیا۔ کیا دنیا کی کوئی امت اپنا کوئی فریضہ اس کے مقابلہ میں پیش کرسکتی ہے۔ یہی سبب ہے کہ اسکا ثواب تمام عبادات سے بالا قرار دیا گیا۔ اس کی حقیقت لسان نبوت نے اس طرح بیان فرمائی۔ المصلی یناجی ربہ۔ نماز پڑھنے والا اپنے رب سے سرگوشی کرتا ہے۔

۔۔۔ نماز قرار دیا گیا۔ تاکہ سمجھ سکو کہ نماز مندی عبادت اور مناجات کی قدر باری تعالیٰ کے نز

سیاسی روزنامچہ

از ادارہ

یکم اگست۔ نئی دہلی۔ آل انڈیا مسلم لیگ کی کونسل نے اپنے اجلاس دیر دزہ میں فیڈریشن کے متعلق ایک قرارداد منظور کی ہے۔ اخبارات کے ... سے کونسل کو معلوم ہوا ہے کہ گورنمنٹ انڈیا کی فیڈرل اسکیم کے متعلق حکومت برطانیہ اور بعض ہندوستا... ڈروں کے درمیان ضروری ترمیمات کے لئے گفت وشنید ہو رہی ہے۔ تاکہ فیڈرل آئین کو ہندوستان میں ... جا سکے۔ لہذا مسلم لیگ واضح الفاظ میں اعلان کر دینا ضروری سمجھتی ہے کہ مسلم لیگ کسی ایسے معاہدہ یا ترمیمات پر عمل پیرا ہونے کی مکلف نہیں ہوگی جو اس کی رضامندی یا منظوری کے بغیر معرض وجود میں آئیں گی۔ مسلم لیگ کونسل برطانوی گورنمنٹ کو اس قسم کے اقدام کے متعلق انتباہ کر دینا چاہتی ہے کہ وہ مسلمانوں کی رضامندی کے بغیر کچھ نہ کرے۔ اگر اس طرف توجہ نہ دی گئی تو تمامتر ذمہ داری حکومت برطانیہ پر عائد ہوگی۔

یکم و ۲ر اگست۔ دہلی دفتر جمعیۃ علماء ہند میں چودھری افضل حق صاحب احراری لیڈر کی زیر صدارت مجلس عمل فلسطین کا اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں سول نافرمانی کی تحریک پاس کی گئی۔ جس پر عمل موتمر اسلامی قاہرہ کے بعد ہوگا۔ حضرت شیخ الہند مولانا سید حسین احمد صاحب مدظلہٗ صدر اور مولینا حفظ الرحمن صاحب جنرل سکرٹری مقرر ہوئے۔

یکم اگست۔ لکھنو یو۔ پی اسمبلی کے اجلاس میں پنڈت مہابیر تیاگی کے ایک سوال کے جواب میں حکومت نے بتایا۔ جب سے کانگریس نے عنان حکومت اپنے ہاتھ میں لی ہے۔ مختلف محکموں کے سرکاری نوکروں کو رشوت ستانی وغیرہ کے جرم میں سزا دی گئی۔ محکموں کے نام اور سزا یافتہ سرکاری نوکروں کی تعداد حسب ذیل ہے

محکمہ صنعت وحرفت	۱	زراعت	۱	رجسٹریشن	۲
عدالت	۳	جیل	۴	آبپاشی در فاہ عام	۲۹
پولیس	۵۲	جنگلات	۵	مال	۲۱
طب	۱	تعلیم	۱		

۴ر اگست۔ لندن برطانیہ اور مصر کے درمیان ۱۹۳۶ء کے معاہدہ پر نظر ثانی کرنے کے لئے

دفتر خارجہ میں لارڈ ہیلی فلیکس اور وزیر اعظم مصر محمود پاشا کے درمیان گفت و شنید شروع ہو گئی ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ جو نیا معاہدہ ہوا ہے اس میں مصر میں برطانوی فوجیں رکھنے کے لئے بارکیں بنانے کا خرچ اور سوڈان کے ڈیفنس کے خرچ کے متعلق خاص دفعات ہیں معلوم ہوا ہے کہ لنکا شائر کے روئی کے بیوپاریوں نے محمود پاشا سے ملاقات کی۔ اور بیان کیا جاتا ہے کہ محمود پاشا نے ٹیرف میں کمی کرنے کا وعدہ کر لیا ہے۔ .... اس سلسلہ میں ایک سرکاری بیان شائع ہوا ہے جس میں لکھا ہے کہ وزیر اعظم محمود پاشا اور لارڈ ہیلی فیکس کے درمیان ایک معاہدہ ہوا ہے۔ جس کی رو سے برطانیہ نے برطانوی فوج کے اخراجات میں زیادہ حصہ لینا منظور کر لیا ہے۔

۵ اگست۔ رومانیہ۔ اٹلی کے ایک حصہ میں آج دھماکہ ہوا۔ جس سے پندرہ آدمی ہلاک اور دس کے قریب مجروح ہوئے۔

۹ اگست دہلی۔ حضرت شیخ الہند مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ، صدر مجلس فلسطین نے تمام صوبجاتی حکومتوں کو خطوط روانہ کئے ہیں۔ جن میں ان سے استدعا کی گئی ہے کہ وہ فلسطین کے مسئلہ کے متعلق مسلمانوں کے جذبات سے حکومت کو آگاہ کر دیں۔

۱۰ اگست۔ شیلانگ۔ معاصر "امرت بازار پتر کا" کا نامہ نگار مقیم شیلانگ کو معلوم ہوا ہے کہ حکومت آسام نے کیرد کولم کمیٹی کی سفارش کے بموجب تمام سکنڈری اسکولوں میں ہندوستانی کی تعلیم لازمی قرار دیدی ہے

۱۰ اگست۔ ٹوولی۔ فوجی مظاہرہ کے بعد فوجی جلسہ میں تقریر کرتے ہوئے سائنور مسولینی نے فرمایا کہ ہم دھوکہ میں نہیں رہنا چاہتے۔ ہم لڑائی کی تیاریاں کر رہے ہیں۔ جب دنیا کے بیشتر حصہ میں توپ کی آواز بلند ہو رہی ہے تو ایسی حالت میں دھوکہ میں رہنا اور تیاری نہ کرنا بیوقوفی نہیں بلکہ غفلت مجرمانہ ہے

۱۰ اگست۔ لندن۔ ٹیونس میں حکومت فرانس نے عربوں پر پابندیاں عائد کر دی ہیں کہ وہ جلوس نہیں نکال سکتے۔ اور نہ اجتماعی صورت میں مساجد میں جا سکتے ہیں۔ کل شام ٹیونس کی جمعیت شبان نے اُس کی مخالفت کی اور جلوس نکالا۔ پولیس اور مظاہرین میں تصادم ہو گیا۔ پولیس نے مظاہرین پر گولیاں چلا دیں۔ متعدد عرب مجروح اور شہید ہوئے۔

حکومت فرانس بعض مولویوں سے ان مجاہدین کے خلاف فتویٰ حاصل کر رہی ہے۔

۱۱ اگست۔ وارسا۔ نیم سرکاری طور پر بیان کیا جاتا ہے کہ پولینڈ بین الاقوامی لیگ سے علیحدہ

ہونے والا ہے۔ غیر سرکاری حلقوں میں علیحدگی کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ پولینڈ ان کو سلاویکیہ کی صورت حالات سے پیدا شدہ پیچیدگیوں میں پھنسنا نہیں چاہتا۔

۱۶ اگست۔ ماسکو۔ سویٹ حکومت کا ایک سرکاری اعلان مظہر ہے کہ جنگ کو فنگ کی پہاڑیوں میں ۲۳۶ روسی ہلاک اور ۶۱۱ روسی مجروح ہوئے اور ۶۰۰ جاپانی ہلاک ۲۵۰۰ مجروح ہوئے۔ جاپان کے دفتر جنگ نے روس کے اس اعلان کی تردید کرتے ہوئے لکھا ہے کہ اس جنگ میں ۱۵۸ جاپانی ہلاک اور ۷۴۰ مجروح ہوئے۔

۱۹ اگست۔ لکھنؤ۔ حکومت یو۔ پی نے صوبہ کے دس آدمیوں کو پرواز کی تربیت دینے کے لئے یو۔ پی فلائنگ کلب کو ۵ ہزار روپیہ دینا منظور کیا ہے۔ انتخابی بورڈ کو یہ ہدایت کی گئی ہے کہ وہ پرواز کی تربیت کے لئے کچھ عورتوں کو منتخب کرے۔ حکومت تربیت کا صرف آدھا خرچہ برداشت کرے گی باقی آدھا خود امیدواروں کو برداشت کرنا ہوگا۔ مستحق امیدواروں کی تربیت کا حکومت پورا خرچہ برداشت کرے گی۔

علامۂ جلیل سیدنا انور شاہ صاحب اور قادیانیت

(اثر خامۂ عالیجاہ حضرت مولانا سید محمد ازہر شاہ صاحب قیصر صاحبزادۂ محترم حضرت راس المحدثین سیدنا والشیخنا مولانا انور شاہ صاحب کشمیریؒ سابق شیخ الحدیث دار العلوم دیوبند قدس اللہ سرہٗ العزیز)

"رسالہ قائد مطبوعہ مضامین کی طباعت اپنی شان کے مخالف سمجھتا ہے۔ یہ مضمون اگرچہ شائع ہوچکا ہے، مگر صاحبزادہ عالیجاہ کے ارشادِ گرامی کی تعمیل رسالہ قائد کی شان سے بہت بالا ہے"۔ (ادارہ)

اسلام کے گذشتہ چہاردہ صد سالہ دورِ حیات پر ایک نظر ڈالنے سے یہ حقیقت بخوبی روشن ہوتی ہے کہ اسے نئے نئے قسم کے فتنوں سے مجادلہ آرا ہونا پڑا ہے کبھی کفار ومشرکین نے اسے فنا کے گھاٹ اُتارنے کے منصوبے گانٹھے۔ کبھی دہریت اور زندقہ والحاد[1] اسکے لئے سدِ راہ بنے، کبھی نبوت ومسیحیت کے دعوے کرنیوالوں نے اسے نقصان پہنچانا چاہا۔ مگر اسلام حق وصداقت کا علمبردار ہونے کی حیثیت سے ہمیشہ غفور رحیم کے الطاف وافضال کا مورد بنا رہا ہے اور اسے باطل کی بڑی سے بڑی قوت بھی معمولی گزند نہ پہنچا سکی چنانچہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق کہ:

سیکون فی امتی ثلاثون کذابون	میری اُمت میں تیس جھوٹے مدعیان نبوت ظہور پذیر
کلھم یزعم انہ نبی وانا خاتم النبین	ہونگے اور ان میں سے ہر ایک اپنے آپ کو نبی سمجھے گا، حالانکہ
ولا نبی بعدی۔	میں خاتم النبین ہوں اور میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

مسیلمۂ کذاب نے یمامہ میں اور اسود عنسی نے صنعا میں نبوت کا دعویٰ کیا اور مدتوں دینِ حنیف کی تخریب پر کمربستہ رہے۔ لیکن انجام کار وہ صدیق اکبرؓ کی خلافت کے زمانہ میں ناکام ونامراد ہوکر فی النار والسقر ہوئے ان کی تمناؤں کو بار آور ہونے اور اُن کے ارادوں کو عملی جامہ پہننے کا موقعہ نہ نصیب ہوا۔ اسی طرح اور بہت سے فتنے اُٹھے مگر تھوڑی مدت کے بعد پیوندِ زمین ہوتے رہے۔ ان سب فتنوں میں دورِ حاضر کا فتنۂ قادیانیت

[1] زندقہ اور الحاد سچے دین میں گڑبڑ کردینے کو کہتے ہیں اور بقول حضرت علامہ سید انور شاہؒ "یہ کھلے کفر سے بدتر ہے"۔ قیصر

سے بے مزید اور شدید ہے۔ قادیانیت نے ایسے پُر آشوب زمانہ میں جنم لیا جب ہندوستان سے اسلامی حکومت کے نقش و نگار مٹ رہے تھے نہ اُنکی مذہبی قوت تھی اور نہ سیاسی، مختلف پریشانیوں اور برطانوی تسلط نے اُنہیں بہت حد تک آفت زدہ اور ستم رسیدہ بنا دیا تھا، اُن کے ذہن میں نہ مذہب کا صحیح تصور تھا اور نہ دینِ حنیف کے جھنڈے کو بلند رکھنے کا دلمیں کوئی جذبہ ہوہی نہیں بلکہ برطانوی تعلیم و تہذیب نے جسکا مقصدِ اوّل انسان کو خدا سے نافرمان اور مذہب سے باغی بنا دینا ہے، ان کے دلوں میں اسلام کیطرف سے نفرت پیدا کر دی تھی۔ مسلمانوں کو دامِ تزویر میں پھنسانے کی اس سے زیادہ اور کونسی فضا سازگار ہو سکتی ہے۔ چنانچہ مرزائے قادیان اس موقعہ کو غنیمت سمجھ کر باہر آیا اور اس نے تبلیغ اسلام کے نام پر مسلمانوں کو اپنی طرف متوجہ کیا، پھر رفتہ رفتہ اس نے مجددیت مسیحیت اور نبوت کے دعوے کئے۔ جہادِ شرعی کو اس نے منسوخ کیا اور اپنے مریدین کو بجائے کعبہ کے قادیان میں حج کے ارادہ سے آنیکی تلقین کی، انبیاء سابقین کی شان میں وہ جتنی گستاخیاں کر سکتا تھا اُس دریدہ دہن نے کیں۔ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات کی تعداد تین ہزار بتائی گئی ہے۔ مرزا نے نبیِ اکرمؐ سے دس قدم آگے بڑھنے کیلئے اپنے معجزوں کی تعداد کہیں تین لاکھ اور کہیں دس لاکھ بتائی۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اس نے زناکار، شرابی اور بُری سے بُری صفت سے متصف کیا۔ اور پکار پکار کر کہا کہ ؎

زندہ شد ہر نبی باآمدنم ہر رسولے نہاں بہ پیراہنم

یورپ کی تعلیم و تہذیب نے چونکہ مسلمانوں کو نصاریٰ کے سماطِ کرم کے ان زلہ برداروں کی شیطنت سے محفوظ رہنے اور اُنکی اسلام دشمنی کے ناپاک سلسلہ کو ختم کر دینے سے غافل کر دیا تھا۔ اسلئے مرزائے قادیان کیلئے ترقی و کامیابی کے راستے کھل گئے اور اس نے جی کھولکر مسلمانوں کے متاعِ ایمان کی رہزنی کی۔ ٹھیک اسوقت علماء کرام اس فتنہ کے استیصال کیلئے کھڑے ہوئے اور سالہاسال تک وہ خالص مذہبی نقطۂ نظر سے مناظروں مباحثوں اور مواعظ کے ذریعہ اسکی مخالفت کرتے رہے۔ علماء نے مرزائے قادیان کی سرکوبی کیلئے قریہ بقریہ اور شہر بشہر ہزاروں تقریریں کیں اور صدہا کتابیں اسلام کے مکمل ہو جانے، مسائل ختمِ نبوت و حیاتِ عیسیٰ وغیرہ کی توضیح اور مرزائے قادیان کے کفر کو دلائل و شواہد کی روشنی میں ثابت کرنے کیلئے لکھیں۔

علامہ سید انور شاہ { گذشتہ پندرہ بیس سال میں استیصالِ قادیانیت سے غیر معمولی دلچسپی رکھنے والے اور اپنے قیمتی اوقات کو اس کارِ خیر میں خرچ کرنیوالے بزرگوں میں حضرت مولانا ظفر علی خاں اور امام العصر حجۃ الاسلام علامہ جلیل سیدنا مولانا سید انور شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے

اسمائے گرامی خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ اوّل الذکر نے تعلیم یافتہ اصحاب کو مرزائے قادیان کی فتنہ انگیزی سے متنبہ کرنے اور اسکے سیاسی نقصانات سے عام مسلمانوں کو نجات دلانے کیلئے تحریری اور تقریری طور پر قابلِ قدر خدمات انجام دی ہیں۔ اور ثانی الذکر نے علماء اور طلبہ کو استیصالِ قادیانیت کیطرف متوجہ کیا۔ علامہ مرحوم کے تبحرِ علمی پر روشنی ڈالنے کا یہ موقعہ نہیں لیکن میں اتنا ضرور کہونگا کہ وہ دورِ حاضر کے ان بلند مرتبت رجال علم و عمل میں سے تھے جن پر اسلام جسقدر فخر کا اظہار کرے کم ہے۔

بیس سال سے زائد عرصہ گذرتا ہے علامہ سید رشید رضا صاحب مرحوم صاحب "المنار" جو مصر کے مشہور عالم تھے جب ہندوستان کی سیاحت فرماتے ہوئے رونق افروزِ دیو بند ہوئے تو علامہ سیّد انور شاہ رحمۃ اللہ کی ایک برجستہ عالمانہ تقریر بزبانِ عربی سُنکر بے اختیار پکار اُٹھے کہ میں اگر دار العلوم دیوبند میں آتا تو ہندوستان سے مایوس واپس جاتا۔

علامہ مرحوم کی مختصر تعریف مدیر روزنامہ زمیندار کے الفاظ میں یہ ہوسکتی ہے کہ:

"مولانا کا تفقہ فی الدین، مذہبی تقشف و تورع، تبحرِ علمی، اخلاص و للّٰہیت بزرگان سلف کی یاد تازہ کرتی ہے، آج دعوے کیساتھ کہا جاسکتا ہے کہ علوم دینیہ میں مولانا کا جو بلند پایہ ہے اسکا ثانی ارضِ بسیط پر ملنا محال ہے اور یہ حقیقت ہے کہ مولانا انور شاہؒ اگر آج بدرجۂ اوّل مجددیت ہی کا دعویٰ کر دیتے تو مرزائے قادیان جیسے دس ہزار مجدد قدم چومتے۔" (روزنامہ زمیندار ۸ مارچ ۱۹۳۳ء)

خود حضرت مولانا ظفر علیخاں نے اپنی ایک نظم میں جسمیں مدینۃ العلم دیوبند کی علمی خدمات پر اظہار تحسین کیا گیا ہے۔ علامہ مرحوم کا ذکر یوں کیا تھا۔ کہ ؎

اسمیں قاسم ہوں کہ انور شاہ یا محمود الحسن
سب کی فطرت ارجمند تھی سب کی ہمت تھی بلند

علامہ مرحوم علم و عمل کے بوریا نشین تاجدار ہنگاموں سے الگ تھلگ رہنے والے بزرگ اور گوشہ تنہائی میں درس و تدریس کے مشاغل جاری رکھنے والے عالم تھے، مگر قادیانیت نے جب زیادہ فروغ پایا تو حضرت مرحوم نے باہر تشریف لاکر مسلمانوں کی رہنمائی کا فرض ادا کیا۔ آپکو استیصال قادیانیت سے اتنا شغف تھا کہ سخت سے سخت علالت اور ضعف و نقاہت بھی لمحہ بھر کیلئے اس فرض سے غافل نہ کرسکے۔ خود ۱۸ مارچ ۱۹۳۳ء کو دیوبند میں ایک تقریر کے دوران میں فرمایا تھا کہ:-

"آٹھ یوم سے متواتر بواسیر کا خون بدن سے خارج ہو رہا ہے، ضعف و نقاہت مانع تقریر ہے، دو وقت سے فاقہ بھی ہے لیکن مرزائے قادیان کے ہذیانات اور خاتم النبیین والمرسلین کی حقیقی محبت نے آپ حضرات کے سامنے چند گذارشات کرنے کیلئے ممبر پر بیٹھنے کی جرأت دلادی۔"

تحفظ دینِ محمدی کے جذبات میں ڈوبا ہوا یہ وجود مقدس بسترِ مرگ پر بھی اس فرض کو نہ بھولا۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ روح کے عالم بالا کیطرف پرواز کرنے سے دس پندرہ گھنٹہ قبل با دیدۂ تر اسی فتنہ کے نقصانات پر گفتگو فرما رہے تھے (نور اللہ مرقدہ وطاب ثراہ)

میں اسی آقائے مدنی کے عاشق کی مذہبی خدمات کا تذکرہ کرنا چاہتا ہوں۔ لیکن میرے تخیلات کا شیرازہ بکھرا ہوا ہے۔ دل و دماغ اپنے قابو میں نہیں اور قلم چلتا چلتا رُک جاتا ہے۔

کاش میرے کہنے کی ضرورت پیش نہ آتی اور پڑھنے والے خود سمجھ جاتے میرے سکوت میں غوغائے محشر پوشیدہ ہوتا، خموشی میری گفتگو بنتی اور بے زبانی میری زبان ہو جاتی۔ ؎

سرگذشتِ حیات کہہ جاؤں درد کی واردات کہہ جاؤں
دل کے سب واقعات کہہ جاؤں چُپ رہوں اور بات کہہ جاؤں

تحریری جہاد علامۂ مرحوم نے قادیانیت کے مختلف پہلوؤں کو روشن کرنے کیلئے مختلف کتابیں تصنیف فرمائی ہیں۔ اس سلسلہ کی سب سے پہلی تصنیف "اکفار الملحدین" فی شئی من ضروریات الدین" ہے۔ مسئلہ تکفیرِ اہلِ قبلہ فقہاء و محدثین کے نزدیک ایک بہت ہی غامض مسئلہ ہے عوام نہیں بلکہ بعض اہل علم اصحاب بھی متقدمین کی مختلف عبارتوں کو دیکھ کر اغلاط و شبہات کا شکار بن گئے اور سمجھنے لگے کہ ایک شخص کا اہل قبلہ میں سے ہونا اور اپنے کو مسلمان کہنا اسکے مسلمان ہونیکا روشن ترین ثبوت ہے۔ خواہ وہ ضروریاتِ دین (یعنی وہ عقائد و اعمال جنپر دین کا دار و مدار ہو) کا بھی منکر ہو یا ان کی تاویل کرتا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ بہت سے اشخاص قادیانیوں کو کافر کہنے میں پس و پیش کرتے ہیں۔

(باقی آئندہ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

سپاسنامہ خیر مقدم

مجاہد اعظم امیر الہند شیخ الحدیث جانشین شیخ الہند سیدی و مولائی حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی ادام اللہ فیضہم

(از مولانا محمد فاضل صاحب منجانب مدرسہ فلاح دارین مراد آباد)

اکابر ملت و برادران قوم!

آپکی قدیم مذہبی وملی درسگاہ مدرسہ فلاح دارین مراد آباد کے مخلص سرگرم مہتمم جناب حافظ محبوب الٰہی صاحب نے مجھ جیسے کم مایہ اور ناآشنائے عصر کو حضرت امیر الہند دامت برکاتہم کے خیر مقدم اور اظہار تشکر کیلئے نامزد کیا ہے۔ ضرورت تھی کہ حضرت شیخ مدظلہ کے خیر مقدم کیلئے کسی ایسی شخصیت کا انتخاب کیا جاتا جسکو خود بھی زہد و ورع، علم و فضل اور ملکی و ملی خدمات کے سلسلہ میں کوئی خاص امتیاز حاصل ہوتا۔

قوم میں اس قسم کے برگزیدہ حضرات کی ہوتے ہوئے قرعۂ فال کا مجھ جیسے ناکارہ کے نام پر آنا اپنی فیروز بختی اور خوش طالعی سمجھتا ہوں اور اپنی تمام کمزوریوں کے باوجود اسقدر زبردست بار امانت اور اہم ترین ذمہ داری کے اٹھانے کی اسلئے جرأت کر رہا ہوں کہ اصحاب خلوص کی تعمیل ارشاد کیساتھ ارباب صدق و صفا اور حاملین سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی جو خدمت بھی میسر آجائے موجب سعادت اور باعث فلاح دارین ہے۔

احب الصالحین ولست منھم   لعل اللہ یرزقنی صلاحا

حضرات مجھے اپنی درماندگی اور عجز کا اعتراف ہے اور یقیناً حضرت مخدوم کے خیر مقدم کیلئے مجھ کو وہ الفاظ میسر نہیں آسکتے جو تاثرات قلبی کے اظہار میں پورا پورا ساتھ دے سکیں۔ مگر جہاں تک خلوص و عقیدت کا تعلق ہے میں کارکنان مدرسہ کیجانب سے حضرت مجاہد اعظم کا پرخلوص خیر مقدم کرتے ہوئے ایک سچے ارادتمند اور عقیدت کیش حلقہ بگوش کی طرح اظہار تشکر کرتا ہوں۔ "شاہاں چہ عجب گر بنوازند گدارا" حضرت اقدس کی تشریف آوری کارکنان مدرسہ کیلئے باعث عزت اور مدرسہ کی عملی زندگی کیلئے فال نیک ہے۔

حضرتِ والا کا یہاں تشریف لانا ہماری انتہائی خوش نصیبی ہے جسکا شکریہ ادا کرنے میں زیادہ سے زیادہ شاندار الفاظ بھی ہمارے دلی جذبات تشکر کی صحیح ترجمانی نہیں کر سکتے۔

جناب والا کی والہانہ خدماتِ ملی اور حضورِ والا کا سرفروشانہ جہادِ حریت، کتاب و سنت کی تدریس کا انہماک، اہم ترین ذمہ داریوں کی بجا آوری، دعوت و ارشاد کے فرائض کی انجام دہی اور باوجود ان سارے مذہبی اور وطنی مشاغل کے تکالیفِ سفر برداشت کر کے جناب کی تشریف آوری ان تمام وجوہ سے اس احسان کا وزن اور زیادہ ہو جاتا ہے۔ تاہم مجھے امید ہے کہ جس ذرہ نوازی سے صعوباتِ سفر برداشت فرما کر تشریف آوری کی زحمت گوارا فرمائی اسی طرح ہمارا حقیر و ناچیز مگر دلی شکریہ بھی قبول فرمائیں گے۔ "گر قبول افتد زہے عز و شرف"

حضرات اس بابرکت اجتماع میں اگرچند الفاظ آپکی قومی درسگاہ اور آپ کی آنیوالی نسلوں کی آخری امیدگاہ کے متعلق عرض کر دیئے جائیں تو شاید غیر موزوں نہوگا۔ بہت ممکن ہے کہ آپ حضرات کی توجہات اور آپکی پُرخلوص دعائیں اس مدرسہ کی ترقی کا باعث بن سکیں۔

عزیزانِ ملت! یہ مدرسہ تقریباً نصف صدی سے قائم ہے اور الحمدللہ یوم تاسیس سے لیکر آجتک یہ درسگاہ جماعتِ حقہ حضرات علماءِ دیوبند زاد اللہ شرفہٗ کے دامن سے وابستہ رہی ہے، سیدی وسندی مرشدی ومولائی حضرت شیخ الہند مولانا محمود الحسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ مجاہدِ ملت حضرتِ مولانا عبید اللہ صاحب سندھی، حکیم الامۃ حضرتِ مولانا اشرف علی صاحب تھانوی اپنی تشریف آوری سے اس مدرسہ کو سرفراز فرماتے رہے ہیں اور اسکے متعلق اپنے بلند پایہ خیالات کا اظہار فرماتے رہے ہیں۔

درحقیقت ان مقدس ہستیوں کا روحانی فیض ہے کہ آجتک یہ مدرسہ باوجود صدہا حوادث وفتن قائم رہا یہ ایک ناقابلِ انکار حقیقت ہے کہ مدرسہ کا دورِ اول اپنی تعلیمی ہمہ گیری اور افادیت کے لحاظ سے ایک شاندار اور روشن دور تھا جسکے مقابلہ میں اسکا دورِ ثانی جسکی مدت ایک قرن سے بھی کہیں زیادہ ہے نامساعد اسباب کی کارفرمائیوں کے ہاتھوں سخت تاریک دور ہے۔ شاندار ماضی کے افسانے اور ازمنہ متوسط کی تاریکی اور پسماندگی کا ماتم کرنے کے بجائے، میں آپ حضرات کی توجہ مستقبل کے عزائم اور زمانۂ حال کے اُن کوائف کیطرف مبذول کرانا چاہتا ہوں جو ممکن ہو کہ آئندہ چلکر ہماری قومی تعمیر کا سنگِ بنیاد بن سکیں۔

حضرات حیاتِ ثانیہ اور نشأۃ جدیدہ کے اعتبار سے اگر مدرسہ کے اس دور کو دورِ ثالث کہا جائے تو زیادہ موزوں ہوگا۔ اگرچہ اسوقت مدرسہ کے کسی شعبہ کے متعلق اسکے مکمل ترقی یافتہ ہونیکا دعویٰ کرنا مشکل ہے

